امامِ عصرؑ کے حالات وارشادات و

دُعاؤں کا نایاب مجموعہ

گوہرِ یگانہ

در حالات وارشاداتِ امامِ زمانہؑ

تالیف

جناب مہر جائسی

مصدقہ

علامہ جزائری

ادارۂ علومِ آلِ محمدؐ وسن پورہ سٹریٹ ۳۹ لاہور

ALWAHEED BOOK DEPOT (REGD.)
Kishan Nagar, LAHORE.



Marfat.com

گوہرِ گمگشتہ

در حالات و ارشاداتِ امامِ زمانہ

تالیف

قُدوۃ السالکین جناب سیّد آلِ محمد نقوی مہر جائسی دام مجدہٗ

مصدّقہ

حضرت علّامہ جزائری مدظلّہٗ

بہ شد

ادارۂ علومِ آلِ محمدؐ

سٹریٹ ۳۹، وسن پورہ۔ لاہور

قسم خاص مجلد
۶/- روپے

قسم عام بلا جلد
۳/۵۰ روپے

جملہ حقوق محفوظ

تاریخ ---------- یکم جنوری ۱۹۶۵ء
بار ---------- اوّل
ناشر ---------- ادارۂ علومِ آلِ محمدؐ - لاہور
طابع ---------- نقوش پریس لاہور
ہدیہ قسمِ خاص ---- مجلد چھ روپے - بلا جلد پانچ روپے
ہدیہ قسمِ عام ---- مجلد ۴/۵۰ بلا جلد ۳/۵۰ روپے

DATA ENTERED

۲۹۷٫۸۲۰۹۲
۸۵۹م گ
۱۵۴۳۸

یاد رکھئے!

اعمال و ادعیہ کے پڑھنے کا لطف صحیح عبارت میں ہے جس کا اس کتاب میں خاص لحاظ رکھا گیا ہے۔

Marfat.com



عکس مبارک آیۃاللہ العظمیٰ اعلم دوراں آقائے
سید محسن حکیم طباطبائی مدظلہ مجتہد اعظم
نجف آشرف - (عراق)

Marfat.com

(عکس اجازہ)

تحریر پُر تنویر آیت اللہ العظمیٰ اعلم دوراں آقائی سید محسن حکیم مجتہد اعظم نجف اشرف (عراق)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی اشرف الانبیاء
والمرسلین محمد واھل بیتہ الطیبین الطاھرین واللعنۃ
الدائمۃ علی اعدائھم اجمعین من الان الی قیام یوم الدین
وبعد فان جناب الفاضل الکامل عماد الاعلام السید
السند السید طیب آقا الجزائری ادام اللہ تائیدہ
قد بذل جھدہ فی سبیل تحصیل العلوم الشرعیہ والمعارف
الالٰھیہ مدۃ من الزمن فی النجف الاشرف ولما عزم علی
الرجوع الی بلادہ استجازنی اجازۃ روایۃ فاجزتہ لہ
دام تأییدہ ان یروی عنی جمیع ما صحت لی روایتہ عن
مشایخی الکرام ومنھم شیخی وسندی فی العلوم الشرعیۃ
العالم الربانی المیرزا محمد حسین الغروی النائینی
عن جماعۃ منھم العالم الورع الحاج المیرزا حسین المؤرخ
عن مشایخھم علی وجہ یتصل بالاسانید بائمۃ
الھدیٰ صلوات اللہ علیھم اجمعین کما انی اجزتہ
المشار الیہ بالامور الحسبیۃ وقبض الوجوہ الشرعیۃ ومنھا
سھم الامام علیہ السلام بمقدارھا حتی وانی ابتھل
الی اللہ سبحانہ وتعالیٰ فی ان ینفع بارشادہ المؤمنین ویرزقہ
بتعالیمہ شریعۃ سید المرسلین انہ ارحم الراحمین

۱۳۷۳
ج ۲۳

الطباطبائی
الحکیم

ترجمۂ اجازہ

برائے تحصیل اموالِ خیریہ وخمس

ازطرف آیت اللہ العظمیٰ اعلم دوراں آقائی السید محسن حکیم مدظلہ مجتہدِ اعظم نجف اشرف (عراق)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد ہے اُس خُدا کے لئے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔ اور دُرود و سلام ہو اشرفِ انبیاء حضرت محمدؐ مصطفےٰ اور اُن کے اہلبیتِ پاک پر۔ اور دائمی لعنت ہو اُن کے تمام اعداء پر اس وقت سے لے کر قیامت تک (بعدازاں) بہ تحقیق کہ فاضلِ کامل عماد الاعلام (یعنی بڑے علماء کا ستوُن) سید سند سید طیب آغا جزائری ہندی خدا ان کی حفاظت فرمائے۔ انہوں نے ایک عرصہ تک نجف اشرف میں علومِ دینیہ اور معرفتِ الٰہی کی تحصیل میں اپنی پوری کوشش صرف کی ہے۔ جب آپ نے اپنے وطن واپس جانے کا ارادہ کیا۔ تو مجھ سے احادیث کی روایت کرنے کا اجازہ طلب کیا۔ لہٰذا مَیں آپ کو (خدا آپ کی ہمیشہ مدد کرتا رہے) اس امر کی اجازت دیتا ہُوں کہ میری جانب سے اُن تمام روایاتِ صحیحہ کو لوگوں سے بیان کریں۔ جن کی روایت کا حق مجھ کو اپنے اُستادوں سے حاصل ہے۔ جن میں سے میرے اُستاد و معتمد علومِ شرعیہ میں، عالمِ ربانی میرزا محمد حسین غروی نائینی ہیں جو علماء کی ایک جماعت سے روایت کرتے ہیں۔ جن میں سے عالمِ پرہیزگار الحاج میرزا حسین نوری بھی ہیں جو اپنے مشائخ اجازہ سے روایت کرتے ہیں۔ اور جن کا سلسلۂ سند ائمۂ ہدیٰ صلوات اللہ علیہم اجمعین سے ملا ہُوا ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

فہرست

عنوانات	نمبر صفحہ
تقریظ از علامہ جزائری	۹
سببِ تالیف	۱۰
باب اوّل در حالات صاحب الزّمان	۱۵
امام عصرؑ اہل سنت کی شہادت میں	۱۷
آپ کا اسم مبارک و کنیت اور القاب	۱۷
حلیہ مبارک	۱۸
آپ کا نسب نامہ	۱۸
آپ کی والدہ ماجدہ	۱۹
آپ کی ولادت	۱۹
امام حسن عسکری کی شہادت	۲۱
آپ کا نقشِ خاتم	۲۱
نواب اربعہ	۲۱
آخری توقیع	۲۳
علمائے مذہب اثنا عشری	۲۵
ابن بابویہ	۲۶
شیخ صدوق	۲۷
شیخ طوسی	۲۸
شیخ مفید	۲۸

Marfat.com

سید مرتضیٰ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۳۰

شریف رضی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۳۱

نصیرالدین طوسی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۳۳

علامہ حلیؒ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۳۴

شہید اوّل و شہید ثانی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۳۵

شہید ثالث ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۳۷

شہید رابع ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۳۸

شیخ بہائی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۳۹

مقدس اردبیلی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۰

علامہ مجلسی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۱

محدّث جزائری ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۳

غفران مآب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۶

مفتی محمد عباس ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۷

جدول ولادت و وفات علمائے اعلام ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۱

جزیرۂ خضرا میں جن علماء کی شہرت ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۲

علامات ظہور ۔ احوال ظہور ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۳

امام عصر کے ظہور کا تعین ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۵

پیشین گوئی بذریعہ رؤیائے صادقہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۶

آپ کے ظہور کے دیگر کیفیات ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۷

امام عصر کی شہادت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۸

باب دوم در ارشادات امام عصرؑ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۹

خمس کے متعلق امام عصر کا ارشاد ۔ ۔ ۔ ۔ ۷۲

ضروری مسائل خمس ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۷۵

Marfat.com

باب سوم در اعمال و اوراد - - - - - - - - - - - - ۷۷

خواص سورہائے قرآنی - - - - - - - - - - - - ۷۷

اعمال برائے حضرت حجت - - - - - - - - - - ۷۸

زیارت امام عصر "طویل" - - - - - - - - - - ۷۹

زیارتِ دیگر آں حضرت - - - - - - - - - - ۸۴

صلوات بر آں حضرت - - - - - - - - - - - ۸۷

صلواتِ دیگر بر آں حضرت - - - - - - - - - ۸۹

دعائے حفظ برائے امام زمانؑ - - - - - - - - ۹۰

حضرت کا شرفِ ملازمت حاصل کرنے کیلئے صلوات - - - ۹۵

دعائے دیگر برائے حشر با امام عصر - - - - - - ۹۵

دعائے عہد - - - - - - - - - - - - - ۹۶

اعمال برائے قضائے حوائج - - - - - - - - - ۱۰۰

نماز استغاثہ بہ امام عصر - - - - - - - - - ۱۰۰

نماز استغاثہ دیگر - - - - - - - - - - - ۱۰۱

دعائے سہم اللیل - - - - - - - - - - - - ۱۰۲

دعائے وسعتِ رزق - - - - - - - - - - - - ۱۰۴

دعائے فرج - - - - - - - - - - - - - - ۱۰۵

عمل کامیابی امتحان - - - - - - - - - - - ۱۰۶

استغاثہ بہ امام عصر - - - - - - - - - - - ۱۰۷

عمل برائے قضائے حاجت - - - - - - - - - - ۱۱۱

عمل حاجت بہ طریق دیگر - - - - - - - - - - ۱۱۱

دعائے توسّل - - - - - - - - - - - - - ۱۱۳

درودِ طوسی - - - - - - - - - - - - - - ۱۱۷

دعائے استشفاع - - - - - - - - - - - - - ۱۳۵

Marfat.com

تقیبات نماز ۔ ۔ ۔

زیارت صاحب الزمان بروز جمعہ ۱۹۴
عمل رویت حضرت حجت ۱۹۶
دعائے ندبہ ۱۹۶
صلوات کبیرہ ۲۱۰
دعاء غیبت امام زماں ۲۲۰
صلوات صغیرہ ۲۲۸
دعائے سمات ۲۳۳
دعائے وقت شام بروز جمعہ ۲۴۲
اعمال ماہِ رجب ۲۴۴
دعائے ہر روز ماہِ رجب ۲۴۵
دعائے دوم ماہِ رجب ۲۴۶
نماز حضرت حجت ۲۷ رجب ۲۴۸
اعمال ماہ شعبان ۲۵۰
اعمال شب نیمہ شعبان (پندرہویں شب) ۲۵۱
دعائے کمیل ۲۶۳
عرائض ۲۷۴
عریضہ صاحب العصر ۲۷۵
عریضہ ڈالنے کا طریقہ ۲۷۷
عریضہ بحضرت حق سبحانہ ۲۷۸
عریضہ تیر بہدف ۲۷۹
عریضہ نادر الوجود ۲۸۱
عریضہ توسل زوائر ۲۸۲
رقاع الاستغاثات ۲۸۳
عریضہ دیگر منقول از آن حضرت ۲۸۴

Marfat.com

عریضہ امام رضاؑ - - - - - - - - - - - - ۲۸۵
عریضہ آیات - - - - - - - - - - - - ۲۸۶
عریضہ آیات دیگر - - - - - - - - - - - - ۲۸۷
عریضہ رباعی خدمت امام حسینؑ - - - - - - - - - - - - ۲۸۷
عریضہ کشمیریہ مختصر - - - - - - - - - - - - ۲۸۹
عریضہ کشمیریہ مطول - - - - - - - - - - - - ۲۹۱
اعمال ماہ رمضان - - - - - - - - - - - - ۲۹۶
دعائے افتتاح - - - - - - - - - - - - ۲۹۶
صلوات ہر روز ماہ رمضان - - - - - - - - - - - - ۳۰۴
اعمال شب قدر - - - - - - - - - - - - ۳۰۹
زیارت امام حسین (در شب قدر) - - - - - - - - - - - - ۳۱۲
وداع ماہ رمضان - - - - - - - - - - - - ۳۱۷
اعمال ماہ شوال - - - - - - - - - - - - ۳۱۷
دعائے امام عصر بروز عید الفطر - - - - - - - - - - - - ۳۱۸
عید دحو الارض ۲۵ ذیقعدہ - - - - - - - - - - - - ۳۲۵
ماہ ذیحجہ کے بعض تاریخی واقعات - - - - - - - - - - - - ۳۲۶
عمل غدیر - - - - - - - - - - - - ۳۲۷
اعمال محرّم الحرام - - - - - - - - - - - - ۳۲۸
زیارتِ عاشورہ - - - - - - - - - - - - ۳۲۸
زیارت ناحیہ - - - - - - - - - - - - ۳۴۰
نماز شب کا طریقہ - - - - - - - - - - - - ۳۵۷
متفرقات - - - - - - - - - - - - ۳۷۰
استخارات - - - - - - - - - - - - ۳۷۰
دعائے وقتِ خواب - - - - - - - - - - - - ۳۷۳
کلمہ شہادت تعلیم کردہ حضرت حجت - - - - - - - - - - - - ۳۷۳
صحیفہ کاملہ کے متعلق امام زمانہ کا ارشاد - - - - - - - - - - - - ۳۷۴

تقریظ

حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ مفتی سید طیب آغا الموسوی الحسینی الجزائری

مجتہد العصر مدظلہ

حَامِدًا وَّمُصَلِّیًا۔ مخفی نہ باشد کہ میں نے رسالہ نافعہ گوہر یگانہ مشتمل بر حالات و ارشادات و دعوات امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ کو کاملاً دیکھا اور بے ساختہ اس کے مؤلف جناب مہرجالشی دام مجدہ کے لئے دعائے خیر نکلی۔ کیونکہ موصوف نے اس امامؑ کے احکام و اعمال کو اکٹھا کیا جن کی ہم فی الوقت رعایا ہیں۔ اس لئے یہ صحیفہ حرز جان کی طرح ہر مومن کے گھر میں ہونا چاہیئے۔ اس میں شرعی احکام بھی ہیں اور مشکلات کے لئے اوراد بھی امراض و آفات کے علاج بھی۔ غرض یہ کتاب کیا ہے جواہر آبدار کا ایک بے بہا خزانہ ہے۔ سب سے بڑی خوبی اس کتاب کی یہ ہے کہ اس کو ایک ایسے شخص نے مرتب کیا ہے جس کو خود امام عصر نے

الحارب فی دین اللہ

یعنی دین خدا میں جہاد کرنے والا کا لقب عنایت فرمایا ہے۔ جیسا کہ اس کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے۔

میں نے اس کتاب کا مطالعہ کیا ہے اور ضروری ترمیمیں حک و اضافات اس میں کر دیئے ہیں تاکہ یہ ہر دلعزیز ہو کر مومنین کے کام کی چیز بن سکے۔ خداوند کریم موصوف کو جزائے خیر اور ناظرین کو عمل خیر کی توفیق عنایت فرمائے۔

آمین

مفتی سید طیب آغا جزائری

یکم اکتوبر سنہ ۱۹۶۴ء


Marfat.com

سبب تالیف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ کما ھو اھلہ والصلوٰۃ والسلام
علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ الطاھرین سلام
علیٰ آل یٰسین (ا ما بعد)

ماہ رجب ۱۳۵۵ھ میں بعد واپسی سفر زیارات عتبات عالیات (عراق)
میری طبیعت کا رجحان حضرت صاحب العصر والزمان ابوالقاسم محمد
ابن الحسن القائم بامرہ کی معرفت حاصل کرنے کے متعلق پیدا ہوا۔ اور روز
بروز اس میں ترقی ہوتی رہی۔ یہاں تک کہ ۱۲ ذیقعدہ بوقت فجر میں نے ایک
نورانی خواب دیکھا جس میں رسالۂ ہذا کے ختم میں عجلت کا ایما ہوا تھا۔ خواب
مذکور کا خاکہ درج ذیل ہے۔



Marfat.com

افراد

(۱) سید کرار حسین (۲) سید جعفر رضا (۳) علی رضا (۴) ایک نامعلوم شخص (۵) سید محمد عابد (۶) راقم الحروف (۷) سید محمد صادق (۸) سید رفعت حسین (۹) کریم حجام - یہ افراد اپنے نمبروں کے مطابق بیٹھے تھے جیسا کہ خاکہ سے معلوم ہوگا.

تفصیل خواب :-

سرِ شام کا وقت، ابر گھرا ہوا، بارانِ رحمت کے آثار تھے۔ ہم لوگ نماز سے فارغ ہو کر مسجد کے چبوترہ سے اٹھ کر داخل روضہ اقدس ہوئے۔ نماز میں کون کون تھا خیال نہیں۔ میں جا کر محمد صادق صاحب کے پاس بیٹھا۔ میں اس سے قبل ایک مجلس یہیں پڑھ چکا تھا جس جگہ پہ کوئی مجمع نہیں، یہاں پہ چند خدام کھڑے ہوئے فانوس روشن کر رہے تھے۔ کریم نائی کھڑا ہوا تھا۔ روشنی کی کثرت سے عالم نور تھا۔ میرا لباس اس وقت سر سے پاؤں تک عربی تھا۔ اور مجھ ہی کو یہ مجلس بھی پڑھنی تھی۔ دو تعویذ مزار چبوترہ پر تھے ان پہ اس قدر نور تھا کہ آنکھیں خیرہ ہوتی تھیں۔ ضریح اقدس پر غلاف تھا۔ منبر پر سیاہ پوشش تھی۔ مجلس شروع ہوئی۔ نشست میں چوتھے نمبر پہ جو صاحب تھے انہیں نے پہلے سوز پڑھا جس کے پانچویں اور چھٹے مصرعہ یہ تھے۔

بے ادب پا منہ اینجا کہ عجب درگاہ است
سجدہ گاہ ملک و روضہ شاہنشاہ است

اُس کے بعد سید کرار حسین صاحب نے ایک قدیم بادامی رنگ کا بانس والا کاغذ نکالا اور حسب ذیل مرثیہ شروع کیا۔ سب رونے لگے

ع جب ہوئی ظہر تلک قتل سپاہ شبّیر

میں اس اثنا میں باہر گیا۔ وہاں مجلس کا تبرک تقسیم ہو رہا تھا۔ مجھے چینی کی دو قابوں میں بہت سا حلوہ ایک پلیٹ میں بریانی ملی ان تینوں برتنوں پر سرپوش ڈھکے ہوئے تھے۔ یہ بھی کہا گیا کہ شرینی مع قاب کے دیجاتی ہے میں حصہ لیکر نکلا۔ اسی اثنا میں ایک شخص میری طرف تیزی سے آئے اور کہا کہ کہ کرار صاحب سوز ختم کر رہے ہیں چلئے۔ اور میرے ہاتھ میں ایک بادامی مضبوط کاغذ کا لمبا لفافہ رکھ کر بولے کہ تمہاری عرض داشت پر تمہاری خواہش کو اس لفافہ میں رکھکر حجرہ خضرا سے عنایت فرمایا گیا ہے۔ لفافہ پر میں نے مجلس کے خیال کی بنا پر و نیز بکمال اشتیاق تعجیلاً نگاہ کی تو حسب ذیل عبارت تھی۔ خط کوفی تھا سیاہی نہایت روشن تھی۔ حروف خوبصورتی میں متوسط تھے

من ..... (جگہ خالی) ..... الی المحارب فی دین اللہ

آنکھ کھل گئی۔ دل پر گہرا اثر تھا۔ آنکھ سے آنسو جاری تھے۔ اس کے بعد صلوٰۃ و اوراد میں وقت گذرا۔

اس سے قبل محمد صادق صاحب نے بھی ایک خواب اس سے ملتا جلتا دیکھا تھا جس میں ناحیۂ مقدسہ کی طرف سے ان کو عارف باللہ بامر اللہ کا لقب ملا تھا اور حجرہ خضرا کی زیارت کروائی گئی تھی۔ صادق صاحب نے اس

Marfat.com

دونوں خوابوں پر غور کیا تو جملہ مذکورہ کے اصل حروف (حروف مکررہ کے علاوہ) ۸ عدد نکلے اور میرے جملہ کے ۱۰ - اس سے یہ انکشاف کیا کہ موصوف چونکہ آٹھویں امام کی اولاد میں ہیں اس لئے ان کے لقب کے حروف آٹھ ہیں اور میں دسویں امام کی ذریت میں ہوں اس لئے میرے لقب میں ۱۰ حروف ہیں۔

خواب میں جو لفافہ مجھ کو عطا ہوا تھا اس کی صورت اب تک مجھ کو یاد ہے اس پر یہ عبارت خط کوفی میں تحریر تھی :-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
صر مالی بالحجاب فی دس باللہ

بہرحال اس رویائے صادقہ کے بعد میرے قلبِ مضطر میں اس بات کی تحریک اٹھی کہ ایک کتاب ایسی تالیف کرنا چاہیئے جس میں امامِ زمانہ کے حالات اور آپ کی تعلیم کردہ ادعیہ اور آپ کی طرف متوجہ ہونے اور آپ کو متوجہ کرنے کے طریقے و آداب درج ہوں۔ اس خیال کے بعد سے میں نے اس کتاب کو لکھنا شروع کیا۔ جو میری بے بضاعتی اور کم علمی کو دیکھتے ہوئے ایک دشوار گذار رہ گذر سے کم نہ تھی۔ مگر حسبِ منظر کو پیش نظر رکھکر یہ کام کیا وہی مشعل راہ بنا۔

جزیرہ خضرا سے روشنی پائی۔ امام زمانہ نے ان جواہر آبدار کی طرف رہنمائی فرمائی۔ جو ابھی تک مجموعی صورت میں منظر عام نہ آئے تھے۔ لہذا میں نے بھی اس کا نام "در گوہر یگانہ در ارشادات و دعوات امام

زمانہ" رکھا۔ اب خدائے رحیم وکریم کی بارگاہ میں التجا ہے کہ وہ میری اس حقیر سعی کو بارآور فرمائے اور مومنین کو اس پر عمل کی توفیق دے۔

ابتدائی مرحلہ میں میں نے اس کتاب کو تین بابوں میں منقسم کیا تھا :-

باب اوّل : در حالات امام عصرؑ

باب دوم :- در ارشادات امام عصرؑ

باب سوم :- در ادعیہ و اوراد امام عصرؑ

تشکرِ حزبل

آخرِ کلام میں میں حجۃ الاسلام علامہ عصر مفتی سید طیّب آغا موسوی جزائری مجتہد العصر کا بے انتہا سپاس گذار ہوں جنہوں نے اپنا قیمتی وقت صرف کر کے اس کتاب کو من وعن ملاحظہ فرمایا ہے اور اس میں کافی ردّو بدل کر کے اس کو عصرِ حاضر کے لائق بنا دیا۔ اس کے لئے میں موصوف کا شکر گذار ہوں خداوند کریم آپ کو جزائے خیر عنایت فرمائے۔ آمین۔ فقط

سید آل محمد النقوی المعروف بہ مہر جائسی۔

ادارہ علوم آلِ محمدؐ اپنے موضوع میں منفرد کتابیں آپ کے مطالعہ کے لئے پیش کرتا ہے :-

Marfat.com

باب اوّل

درحالات حضرت امام عصر والزمان

سلام اللہ علیہ وعجل اللہ فرجہٗ

سرکار رسالتؐ کا متفق بین الفریقین ارشاد ہے کہ میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے۔ شیعوں کی کتابوں میں سے کتبِ اربعہ (کافی ومن لایحضرہ، وتہذیب واستبصار) ملاحظہ ہوں۔ اور جمہور مسلمین میں سے صحیح بخاری جلد ۴ صـ ۱۵۴ کتاب الاحکام۔ صحیح مسلم جلد ۲ صـ ۱۱۹۔ صحیح ترمذی جلد ۲ صـ ۴۵۔ فتح الباری پارہ ۲۹ صـ ۶۲۹ کنزالعمال جلد ۷ صـ ۱۳۹۔ صواعق محرقہ صـ ۱۱۔ تاریخ الخلفاء صـ وغیرہ ملاحظہ کریں۔

پھر یہ نظریہ بھی متفق بین الفریقین ہے کہ ہر عصر میں ایک امام ہوگا جیسا کہ تفسیر ترجمان القرآن میں بحوالہ فتح البیان حضرت علیؑ سے مروی ہے کہ مراد آیہ وافی ہدایہ

وَيَوْمَ نَدْعُوْ كُلَّ اُنَاسٍ بِاِمَامِهِمْ

میں امام سے مراد امام عصر ہے۔ اہل ہر عصر اپنے اس امام کے ہمراہ بلائے جائیں گے جس کے امر ونہی پر چلتے تھے،، ترجمان القرآن صـ ۱۴۱

اس آیت اور مذکورہ تفسیر سے معلوم ہوا کہ اس زمانہ میں بھی امام کی ضرورت ہے اور وہ موجود ہے۔

علّامہ مودودی صاحب رقمطراز ہیں:۔

عقل چاہتی ہے فطرت مطالبہ کرتی ہے اور دنیا کے حالات

Marfat.com

کی رفتار متقاضی ہے کہ ایسا لیڈر پیدا ہو خواہ اس دور میں پیدا
ہو یا زمانہ کی ہزار گردشوں کے بعد پیدا ہو اسی کا نام "دوالا مام
مہدی" ہے۔ جس کے بارے میں صاف پیشین گوئیاں
نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کلام میں موجود ہیں"

تجدید و احیائے دین صـ۳۱

معلوم نہیں مودودی صاحب نے اس نکتہ پر کیوں نہیں غور کیا۔ کہ
جب ہر عصر میں امام زمانہ کا وجود ضروری ہے تو پھر اس کے آئندہ پیدا ہونے
کے کیا معنیٰ ؟ اس کے معنی تو یہی ہیں کہ اس وقت لوگ بلا امام کے ہیں تو
پھر بروز قیامت ان کو کس کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ کیا یوم ندعو
کل اناس بامامھم (ہم ہر شخص کو بروز قیامت اس کے امام کے ساتھ
بلائیں گے) یہ آیت ہمارے لئے نہیں ہے؟ پھر حضرت کی یہ مسلمہ حدیث ہے
کہ آپ نے فرمایا :-

لا یزال الدین قائمًا حتی تقوم الساعۃ
او یکون علیھم اثنا عشر خلیفہ۔

کنز العمال جلد ۶ صـ۲۰۲

یہ دین قیامت تک باقی رہے گا یہاں تک کہ اس پر بارہ خلیفہ ہوں گے۔
اس قسم کے بہت سے احادیث وارد ہیں جن میں بارہ امام کی پیشین گوئی کی
گئی۔ ان میں سے کسی میں نہیں ہے کہ بارہواں پیدا ہوگا بلکہ ان سے تو تسلسل منتفاد
ہوتا ہے کیونکہ لفظ قائم اس بات پر روشنی ڈالتا ہے کہ دین کا قائم ہونا ان خلفا

Marfat.com

کے قائم ہونے کی وجہ سے ہوگا۔

خود امام عصر کے متعلق جو خصوصی پیشین گوئیاں ہیں اِن میں بھی یہ نہیں ہے کہ وہ بعد میں پیدا ہوں گے۔ بہرحال یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ زمانہ کو ایک ایسے ہادی و رہبر کا انتظار ہے جو دنیا کو اپنے عدل و کرم سے بھر دے جس طرح وہ ظلم و جور سے بھری ہوئی ہوگی۔ یہ تو ہو سکتا ہے کہ ایسا شخص اس وقت بھی موجود ہو لیکن کسی مصلحت سے معاملات زمانہ میں کلی طور سے دخل انداز نہ ہو۔ جیسا کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چالیس برس تک صبر و سکون سے گزارے اور اپنی آنکھوں سے ہر قسم کا ظلم و ستم دیکھتے رہے۔ مگر یہ نہیں ہو سکتا کہ خدائی زمین ایک لمحہ کے لیے اس کی حجت سے خالی ہو۔

امام عصرؑ پر اہلِ سُنّت کی شہادتیں

اہل سنت والجماعت کی حسبِ ذیل کتب معتبرہ میں امام منتظر کے متعلق احادیث ملتی ہیں:۔

(۱) صحیح بخاری پ ۱۴ ص ۳۹۹ (۲) صحیح مسلم جلد ۲ ص ۹۵

(۳) صحیح ترمذی ص ۲۷۰ (۴) صحیح ابوداؤد جلد ۲ ص ۲۱۰

(۵) صحیح ابن ماجہ ص ۲۰۴ و ص ۳۰۹ (۶) جامع صغیر ص ۱۳۴

(۷) کنوز الحقائق ص ۹۰ (۸) مستدرک حاکم ص ۴۲۲ و ص ۵۱۴

(۹) سبائک الذہب ص ۷۸ (۱۰) مطالب السئول ص ۲۹۳

(۱۱) صواعق محرقہ ص ۱۲۴ (۱۲) تذکرہ خواص ص ۲۰۴

(۱۳) شواہد النبوۃ ص ۳۱۲ (۱۴) نور الابصار ص ۱۵۲

آپ کا اسم مبارک، کُنیت اور القاب

امام صاحب العصر والزمان عجل اللہ فرجہ کا اسم مبارک اور کنیت پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام و کنیت پر ابوالقاسم (م ح م د) ہے۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ میرے خلفا کا آخری مہدی ہوگا۔

Marfat.com

جس کا نام میرے نام اور کنیت میری کنیت کے مطابق ہوگی۔ اس میں بعض مصلحت اندیش راویوں نے یہ اضافہ اور کر دیا کہ اس کے والد کا نام بھی میرے والد کے نام پر ہوگا۔ آپ کے القاب حجت، مہدی، صاحب امر، خلف صالح، قائم، منتظر، امام عصر اور صاحب الزمان ہیں۔

حلیہ مبارک

کتاب اکمال الدین میں شیخ صدوقؒ فرماتے ہیں کہ سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ امام مہدی شکل و شباہت، صورت و سیرت، خصال و اقوال میں بالکل میرے مشابہ ہوگا۔ آپ کے حلیہ کے متعلق علماء نے لکھا ہے کہ آپ کا رنگ گندم گوں، قد میانہ، پیشانی کھلی ہوئی، ابرو گھنے اور باہم پیوستہ، باریک و بلند بینی مبارک، بڑی آنکھیں، چہرہ نورانی ہے۔ داہنے رخسار پر ایک تل، کاندھے کوکبِ دُرّیؐ مثل ستارہ کے ضو دیتا ہوگا۔ سینہ چوڑا، کاندھے کھلے ہوئے، آپ کی پشت پر یوں مہرِ امامت ثبت ہے جس طرح سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مہرِ نبوت تھی۔ آپ کے داہنے بازو پر نورانی حرفوں میں لکھا ہوا ہے۔ جاء الحق وزھق الباطل انّ الباطل کان زھوقاً۔ وقتِ ظہور آپ کا سن مبارک چالیس سال کا معلوم ہوگا۔

آپ کا نسب نامہ

آپ کے والد بزرگوار امام حسن عسکری علیہ السلام تھے آپ کا نسب نامہ حسب ذیل درج ہے۔

محمد بن امام حسن عسکری بن امام علی نقی بن امام محمد تقی بن امام علی رضا بن امام موسیٰ کاظم بن امام جعفر صادق بن امام محمد باقر (آپ امام حسن سبط رسول الثقلین کے حقیقی نواسے تھے) بن امام زین العابدین بن امام حسین شہید کربلا بن امیر المومنین علیؑ (آپ

Marfat.com

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقیقی چچا (اور خالہ زاد بھائی تھے) بن ابی طالب (جن کا نام عمران وعبد مناف تحریر ہے جو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پدر بزرگوار جناب عبداللہ کے ہم بطن حقیقی بھائی تھے) بن عبدالمطلب (جن کا نام شیبۃ الحمد تحریر ہے) بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی قریش مکی العربی (نسل حضرت اسمٰعیل ذبیح اللہ بن حضرت ابراہیم خلیل اللہ۔

امام احمد بن حنبلؒ کا کہنا ہے کہ اس سلسلہ نسب کو اگر کسی مجنون پر دم کیا جائے تو اسے یقیناً شفا حاصل ہوگی (مسند امام رضاؑ)

آپ کی والدہ ماجدہ

آپ کی والدہ معظمہ علیا خاتون حضرت نرجس خاتون ہیں۔ جو پیشوا قیصر روم کی صاحبزادی تھیں۔ ایک خواب کی بنا پر آپ اسلام لائیں۔ امام علی نقیؑ نے ان معظمہ کو حضرت امام حسن عسکریؑ کے سپرد فرمایا۔ پہلے حضرت نرجس کا نام ملیکہ تھا اور مذہب حضرت عیسیٰؑ روح اللہ پر تھیں قیصر روم اولاد شمعون پطرس بن یوحنا حواری حضرت عیسیٰؑ پیغمبر تھا۔ (ماخوذ از مقصود فوق بلگرامی بحوالہ شیخ طوسی علیہ الرحمہ)

حضرت نرجس اور حضرت امام حسن عسکریؑ کا مزار سامرہ ملک عراق میں ہے۔


آپ کی ولادت

آپ دارالسعالیک (سامراء) میں اپنے آبائی مکان میں ۱۵ شعبان المعظم سنہ ۲۵۵ھ بوقت نماز صبح وبروز جمعہ پیدا ہوئے۔ جناب حکیمہ خاتون بنت امام محمد تقیؑ نے قابلہ کے فرائض انجام دیئے۔ بعض علمائے اہل سنت نے تاریخ ولادت ۸ ربیع شعبان اور بعض نے ۲۳ ماہ رمضان بھی بیان کی ہے۔ علامہ قندوزی نے

لہ بعض علمائے اہلسنت نے سنہ ۲۵۶ھ بھی لکھا ہے اس حساب سے آپ کا سنہ ولادت کلمہ "نور" سے برآمد ہوتا ہے۔

Marfat.com

ینابیع المودۃ میں ۱۵ شعبان ہی بیان کی ہے۔ اور علم تقویم کے لحاظ سے نجوم کی حالت یوں لکھی ہے کہ اس وقت افق سامرا پر قوس میں قران اصغر تھا۔ اور یہ قران قوس کے لحاظ سے چوتھا قران اکبر ہے اور آپ کا طالع برج سرطان ہیں ۲۵ درجہ پر تھا اور آپ کا زائچہ مبارکہ افق سامرا کے لحاظ سے حسب ذیل ہے۔ جو بعینہٖ زائچہ حضرت عیسٰی بھی ہے۔



ینابیع المودۃ ط ایران ص ۱۸۴

آپ کی ولادت کے زمانہ میں معتمد عباسی حکومت کر رہا تھا چونکہ حکومت وقت اس بارھویں ہادی کی آمد کے خلاف تھی لہذا آپ کی ولادت میں کمال احتیاط برتی گئی یہاں تک کہ پاس والوں پر بھی امام کو اعتماد نہ تھا ان کو بھی نہ بتلایا۔ صرف چند خادم عقید و یاسر و نسیم اس بچہ کی ولادت سے باخبر تھے۔ ایک سال حضرت آغوش مادری میں رہے اس کے بعد اپنے پدر بزرگوار

Marfat.com

کے پاس رہنے لگے۔ آپ مکان زرجس میں رہتے تھے ہر وقت پردہ پڑا رہتا تھا کوئی آجا نہ سکتا تھا۔ شب کو مقام استراحت تبدیل ہوا کرتا۔ پانچ برس میں امام حسن عسکریؑ نے جملہ اسرار امامت آپ کو تفویض فرمائے۔

امام حسن عسکری کی شہادت

۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ ۸۷۳ء کو زہر معتمد عباسی سے بمقام سامرہ امام حسن عسکریؑ نے شہادت پائی۔ معتمد نے ظاہرداری سے خون ناحق چھپانے کے لئے اظہار ملال کیا۔ سامرہ میں یوم غم ہوا۔ ستر ہزار کا مجمع نماز جنازہ میں شریک ہوا۔ حکم شاہی سے جب قاضی حمود نماز پڑھانے کے لئے بڑھا تو جعفر بن امام علی نقیؑ خود نماز پڑھانے کو صف کے آگے کھڑے ہو گئے۔ ناگاہ ایک کمسن بچہ نے جعفر کی عبا کا دامن پکڑ کر علیحدہ کر دیا۔ "چچا ہٹئے امام کی نماز امام پڑھا سکتا ہے" یہ فرما کر خود نماز پڑھائی اور عصمت سرا پن فوراً چلا گیا۔ امام عصرؑ کی امامت کا یہ پہلا واقعہ ہے۔ اس وقت سے ۱۵ شعبان ۳۲۹ھ تک غیبت صغریٰ کا زمانہ ہے۔ اس کے بعد سے غیبت کبریٰ کا زمانہ اس وقت تک ہے اور تا ظہور رہے گا۔

آپ کا نقش خاتم

آپ کا نقش خاتم اَنَا حجّۃ اللّٰہ وخالصتہ وبقولے اَنَا حجۃ اللّٰہ وخاصتہ وبقولے العلم عند اللّٰہ ہے۔ اور حقیر مولف کو ایک عمل سے پتہ چلا ہے کہ مہر مبارک بیضاوی ہے۔ اور اس پر ھو اللّٰہ القائم یا مرہ کندہ ہے۔

نواب اربعہ

غیبت صغریٰ کے زمانہ میں وہی نظام امامت تھا جو امام علی نقیؑ و

Marfat.com

امام حسن عسکریؑ کے زمانہ میں تھا یعنی سفراء ذمانیین کے ذریعہ رد الطرق قائم
حضرت حجت کے زمانہ میں نواب اربعہ پر اس نیابت و سفارت کا خاتمہ
گیا۔ آپ کے چار خاص نائب تھے۔

(۱) ابو عمر عثمان بن سعید عسکری اسدی عمروی۔ آپ قبیلہ بنی اسد میں سے
قریہ عسکر کے رہنے والے روغن فروشی کرتے تھے اس لئے زیات بھی
جاتے تھے۔ دشمنوں کے خوف سے اموال خیریہ و خمس مشکیزہ روغن میں
رکھکر امام تک پہنچاتے تھے۔ اپنے دادا جعفر عمروی کے نام پر ان کو
عمروی کہتے تھے۔ ان کو بالترتیب امام علی نقیؑ امام حسن عسکریؑ اور
امام عصر علیہم السلام کی نیابت اور سفارت کا منصب حاصل ہے۔ آپ
نے ۲۹۵ھ میں وفات پائی۔ آپ کا مزار اقدس بغداد سوق المیدان میں
عقب جنرل پوسٹ آفس واقع ہے۔ ۱۹۳۶ء میں جب جعفر مشرف بہ زیارت
ہوا تھا اس وقت یہ روضہ بنا تھا۔ آپ کی وفات کے بعد آپ کے صاحبزادے
درجہ سفارت پر فائز ہوئے۔

(۲) ابو جعفر محمد بن عثمان بن سعید عسکری خلانی۔ آپ اپنے والد عثمان بن سعید
کے بعد بہ حکم امام عصر نائب خاص مقرر ہوئے۔ جمادی الاول ۳۰۵ھ میں
وفات پائی۔ آپ بھی بغداد باب الشیخ (جس کو باب الکوفہ بھی کہتے
ہیں) میں اپنے مکان میں دفن ہوئے۔

(۳) ابو القاسم حسین بن روح۔ یہ محمد بن عثمان کے محضوصین میں سے تھے۔ ان
کی وقت وفات پاس بیٹھے تھے اور ان کے ایک اور صحابی جعفر بن احمد
بالائے سر تشریف فرما تھے۔ موخر الذکر کو عثمان بن سعید سے اتنا قرب
حاصل تھا کہ لوگوں کو یہی گمان تھا کہ ان کے بعد یہی جانشین ہوں گے کہ
ایک مرتبہ عثمان نے جعفر کی طرف منہ پھیر کے فرمایا "مجھ کو حکم ہوا
ہے کہ حسین بن روح کو اپنا وصی بناؤں اور تمام امور ان کے سپرد کر

Marfat.com

قول یہ سنتے ہی جعفر عثمان کے سرہانے سے اٹھے اور حسین بن روح کو
اسی جگہ لا بٹھایا۔

آپ کے خصوصیات میں سے یہ ہے کہ آپ جمہور مسلمین کے ساتھ ایسا
برتاؤ کرتے تھے کہ مذاہب اربعہ میں سے ہر ایک کو گمان تھا کہ آپ ان
میں سے ہیں۔ ۳۲۶ھ میں انتقال فرمایا۔ آپ کا مزار محلہ شورجہ بغداد میں
واقع ہے جہاں اب ایک شاندار روضہ اور مسجد بنا دی گئی ہے۔ زائرین
ہر وقت آتے رہتے ہیں۔ شب نیمہ شعبان میں وقت مخبر آپ ہی کا نام لیکر
صاحب الزمان علیہ السلام کی خدمت میں عریضہ سپرد آب کیا جاتا ہے۔

۴) ابوالحسن علی بن محمد سمری۔ آپ امام اخیر کے آخری نائب خاص ہیں۔ آپ
نے ۳۲۹ھ میں وفات پائی۔ انگلستان میں اس وقت شاہ اڈمنڈ اوّل
اور ہندوستان میں جیپال بن سلکھن مہاراجہ حکومت کرتا تھا۔

آخری توقیع

حضرت امام عصر عجل اللہ تعالیٰ فرجہٗ کے قلم مبارک سے جو آخری توقیع وقیع
برآمد ہوئی وہ حسب ذیل ہے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یا علی بن محمد السمری اعظم
اللہ اجر اخوانک فیک فانک میت ما بینک وبین ستۃ ایام
فاجمع امرک ولا توص الی احد فیقوم مقامک بعد وفاتک
فقد وقعت الغیبۃ التامۃ فلا ظہور الا بعد اذن اللہ تعالیٰ
ذکرہ وذلک بعد طول الامد وقسوۃ القلوب وامتلاء الارض
جورا وسیاتی من شیعتی من یدعی المشاہدۃ قبل خروج
السفیانی والصیحۃ فہو کذاب مفتر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی
العظیم۔

Marfat.com

اے علی بن محمد سمری! خدا تمہارے بارے میں تمہارے بھائیوں کے اجر کو عظیم کرے کیونکہ تم چھ روز کے اندر مرنے والے ہو۔ پس اپنے معاملات کو اکٹھا کر لو اور کسی کو اپنا وصی نہ بنانا جو تمہاری وفات کے بعد تمہاری جگہ پر بیٹھے کیونکہ اب غیبتِ کبریٰ واقع ہو گئی ہے۔ اب اللہ کے اذن کے بعد ہی ظہور ہو گا اور یہ اس وقت ہو گا جب مدت دراز گزر جائے گی۔ دل سخت ہو جائیں گے۔ اور زمین ظلم سے بھر جائے گی اور عنقریب میرے شیعوں سے کچھ افراد ایسے آئیں گے جو میری رویت کا ادعا کریں گے آگاہ ہو جاؤ کہ خروج سفیانی کے پہلے جو شخص میری رویت کا ادعا کرے وہ کذاب و مفتری ہے اور کوئی طاقت و قوت نہیں ہے سوائے خدائے عظیم کی طاقت و قوت کے۔

علی بن محمد سمری کی وفات ۳۲۹ھ میں واقع ہوئی۔ اس لحاظ سے غیبت صغریٰ و نیابتِ خاصہ کا زمانہ قریب ۷۴ سال کے ہے جس میں تقریباً ۴۸ سال عثمان بن سعید و محمد بن سعید دونوں باپ بیٹوں کی نیابت کے اور تقریباً ۴۶ سال حسین بن روح و علی بن محمد کی نیابت کے گذرے۔ اس کے بعد حضرت کی سفارت خاصہ منقطع ہوئی اور غیبتِ کبریٰ واقع ہو گئی۔ لہٰذا بعد ازاں جو بھی سفارتِ خاصہ کا دعویدار ہو وہ جھوٹا ہے جیسا کہ حضرت نے فرمایا البتہ غیبتِ کبریٰ کے زمانہ میں آپ کے نائبین و سفراء بالعموم مجتہدین کرام و فقہاء عظام ہیں جیسا کہ حضرت نے اسحاق بن یعقوب کے جواب تحریر فرمایا کہ۔

اب جو واقعات پیش آئیں ان میں ہمارے احادیث کے راویوں کی طرف رجوع کرنا۔ یا جیسا کہ امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے کہ۔

" دیکھو تم میں سے کون ایسا ہے جو ہماری حدیثوں کی روایت کرتا ہے اور ہمارے حلال و حرام پر اس کی نظر ہے اور ہمارے احکام کو جانتا ہے تو میں نے اس کو تم پر حاکم قرار دیا ہے۔ لہٰذا جب بھی وہ ہمارے حکم کیساتھ حکم کرے اور اسکی

Marfat.com

تحمیل نہ کی جائے تو ایسا ہے جیسے ہمارے فرمان کی توہین کی گئی۔ اور ہماری رد کی گئی اور ہماری رد کرنے والا اللہ کی رد کرنے والا ہے اور وہ مشرک کی تعریف میں آتا ہے"۔

اور دوسری روایت میں ہے کہ۔

مَجَارِی الْاُمُوْرِ بِیَدِ الْعُلَمَاءِ الْاُمَنَا عَلٰی حَلَالِہٖ وَحَرَامِہٖ

تمام امور کی باگ ڈور علمائے ربانی کے ہاتھ میں ہے جو اللہ کے حلال و حرام کے امین ہیں۔

چونکہ غیبتِ کبریٰ میں کار نیابت حضرت حجت ارواح العلمین لہ الفدا علمائے اعلام اور مجتہدین عظام کے کاندھوں پر ہے اور وہی اس عظیم ذمہ داری کو ادا کر رہے ہیں جس سے آج تک مذہب حق باقی ہے اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے بعض چیدہ چیدہ ہستیوں کا ذکر کیا جائے۔

علمائے مذہب اثنا عشریہ رحمہم اللہ تعالیٰ

کلینی رحمہ اللہ تعالیٰ

علامہ محمد بن یعقوب کلینی رحمۃ اللہ علیہ

وفات ۳۲۹ھ۔ منتہی المقال میں ہے کہ آپ نے کافی بیس ۲۰ برس میں تالیف کی۔ رجال علامہ طباطبائی میں ہے کہ کافی میں آتی حدیثیں ہیں جو مجموعہ احادیث صحاح ستہ اہلسنت سے زیادہ ہیں۔ اور لولوۃ البحرین سے نقل کرتے ہیں کہ کل احادیث کافی ۱۶۱۹۹ ہیں شیخ کلینی رحمۃ اللہ علیہ نے (۶۹) برس بعد شہادت امام حسن عسکری علیہ السلام انتقال کیا۔ یعنی بعض ایام حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام اور کل زمانہ غیبت صغریٰ دیکھا۔ آپ کی وفات ۳۲۹ھ میں بمقام بغداد ہوئی۔ اسی سال والد شیخ صدوق یعنی علی بن الحسین بابویہ نے وزیر جناب علی بن محمد السمری رحمۃ اللہ علیہ نائب آخر امام عصرؑ نے انتقال فرمایا۔ اور غیبتِ کبریٰ کا زمانہ شروع ہوا۔ کافی کے متعلق روضات الجنات میں ہے کہ امام عصرؑ نے فرمایا۔ "کافٍ لِشِیْعَتِنَا"

Marfat.com

اور اسی کتاب میں ہے کہ حاکم بغداد نے آپ کی قبر کھود وائی تو کفن پر بھی داغ نہ لگا تھا۔ چنانچہ اس نے قبہ تعمیر کرا دیا۔ آپ کی شہرت جزیرۂ خضرا میں بھی ہے۔

ابن بابویہ علیہ الرحمہ

علامہ علی بن الحسین بن موسیٰ بن بابویہ (والد الشیخ صدوق)

وفات ۳۲۹ھ۔ ابن بابویہ نے قم میں منصور ابن حلاج کو دعویٰ وکالت حضرت صاحب الزمان علیہ السلام پر ذلیل و خوار کیا اور وہ قم سے نکل گیا۔ اور کلمہ طیبہ روضات الجنات اور لؤلؤہ میں احتجاج طبرسی سے نقل کیا ہے۔ کہ امام حسن عسکریؑ نے نامہ لکھا۔ علی بن بابویہ کو اور بعد حمد و صلوٰۃ کے یہ تحریر فرمایا۔

اوصیک یا شیخی و معتمدی و فقیهی ابا الحسنؑ علی بن الحسین القمی وفّقك الله لمرضاته وجعل من صلبك اولادا صالحین بتقوی الله۔

پھر آخر میں تحریر فرماتے ہیں:۔

فاصبر یا شیخی و امر جمیع شیعتی بالصبر۔

تا آنکہ تحریر فرمایا۔

والسلام علیك وعلی جمیع شیعتنا و رحمة الله وبرکاته۔

یعنی اے میرے شیخ و معتمد و فقیہہ ابوالحسن علی بن حسین قمی خدا تم کو اپنی مرضی پر چلنے کی توفیق عطا کرے اور تمہاری صلب سے بھی نیک اولاد پیدا کرے۔ میں تم کو اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں۔ اے میرے شیخ صبر کرو۔ اور تمام شیعوں کو صبر کی تلقین کرو۔ تم پر سلام ہو اور ہمارے تمام شیعوں پر سلام ہو۔

منتہی المقال میں کہ ابن بابویہ نے جناب حسین بن روحؒ نائب سوم امام عصرؑ سے ملاقات کی اور پھر ان کو خط لکھا بدست علی بن جعفر الاسود۔ اور اس میں لکھا کہ یہ رقعہ میرا جناب صاحب امر علیہ السلام تک پہنچا دو۔ اور رقعہ میں

لکھا تھا کہ آپ میرے لئے دعائے عطائے فرزند فرمائیں۔ جواب ملا کہ دعا مستجاب ہوئی۔ دو پسر نیک بخت پیدا ہوں گے۔ (۱) ابو جعفر محمد شیخ صدوق (۲) ابو عبداللہ ابن بابویہ نے جس سال انتقال فرمایا اس سال سنا سے بہت ٹوٹے۔ کلینی رح علی بن محمد سمری رح وکیل آخر صاحب الزمان علیہ السلام نے بھی اسی سال انتقال فرمایا۔ بعض اصحاب شیعہ سے منقول ہے کہ ہم لوگ خدمتِ علی بن محمد سمری میں بیٹھے تھے انہوں نے فرمایا کہ خدا رحم کرے علی بن بابویہ پر۔ کسی نے کہا وہ زندہ ہیں۔ فرمایا کہ آج وہ انتقال کر گئے۔ وہ دن لکھ لیا گیا۔ خبر آئی تو معلوم ہوا کہ اسی تاریخ انتقال فرمایا۔ ۳۲۹ھ (سنہ وفات)

شیخ صدوق

علامہ محمد بن بابویہ یعنی شیخ صدوق رح (مؤلف کتاب من لا یحضرہ الفقیہ)

انوار نعمانیہ تالیف محدث شہیر سید نعمت اللہ جزائری رحمۃ اللہ علیہ میں ہے شیخ صدوق کا نام بھی حضرت حجت نے رکھا تھا۔ ناحیہ مقدسہ سے جو توقیع صادر ہوئی تھی اس کے الفاظ یہ تھے۔

قَدْ قبل اللّٰہ الدّعاء وسیُولد لک ولدانِ

---

[1] رسالہ تبصرۃ الایمان مؤلفہ محمد مہدی بن سید طالب علی جونپوری میں ہے کہ علی بن الحسین ابن بابویہ والد شیخ صدوق کے کوئی اولاد نہ ہوتی تھی اور یہ علی بن الحسین اجلا و اعاظم اصحاب سے تھے۔ دختر عم محمد بن موسیٰ بن بابویہ سے ان کی شادی ہوئی تھی بعریضہ حضرت حجۃ کی خدمت میں لکھا اور بتوسط ابو القاسم بن روح عرض و استدعا کی کہ اولاد ذکور سے کرامت ہو جواب عریضہ بخط مبارک تحریر فرمایا۔ اس میں لکھا تھا۔

انک لا ترزق من ھذہ ولکن ستملک جاریۃ دیلمیۃ وترزق منھا ولدین خیرین صالحین فقیھین فاضلین۔

(ترجمہ) اس عورت سے تم صاحب اولاد نہ ہو گے۔ اور قریب ہے کہ تمہارے عقد میں کنیز دیلمیہ آئے جس سے دو پسر صاحب خیر۔ نیکوکار۔ فقیہہ اور فاضل پیدا ہوں گے

Marfat.com

فَسَمَّی اَحَدَھُمَا مُحَمَّدًا وَالْاٰخَرَ حُسَیْنًا۔ اللہ نے دعا سن لی اور عنقریب تمہارے یہاں دو فرزند پیدا ہوں گے۔ ایک کا نام محمد دوسرے کا حسین رکھنا۔ یہ تو قبع مقدس شیخ صدوق کے پاس تھی اور وہ اس پر فخر کرتے تھے۔ شیخ صدوق نے سنہ ۳۸۱ھ میں انتقال فرمایا۔ رے میں دفن ہوئے۔ زمانہ فتح علی شاہ قاچار میں بارش کی وجہ سے ان کی قبر میں سوراخ ہو گیا۔ مرمت کیلئے قبر کھودی گئی تو آپ کا بدن صحیح و سالم تھا۔ ناخنوں پر اثر خضاب تھا۔ یہ واقعہ سنہ ۱۲۳۸ھ کا ہے۔ بادشاہ مع اعیان سلطنت تہران سے گئے۔ روضہ مزین تعمیر کرایا۔ آپ کی شہرت جزیرہ خضرا میں ہے۔

شیخ الطائفہ ابو جعفر محمد بن حسن طوسیؒ (مؤلف تہذیب و استبصار)

ولادت سنہ ۳۸۵ھ وفات سنہ ۴۶۰ھ۔ آپ کے فخر کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ مذہب شیعہ کی شہرۂ آفاق کتب اربعہ میں سے دو کے آپ مؤلف ہیں۔ شیخ مفیدؒ، سید مرتضیٰ سے تلمذ حاصل ہے۔ چنانچہ پانچ سال شیخ مفیدؒ کے ساتھ۔ اٹھائیس سال سید مرتضیٰ علم الہدیٰ کے ساتھ گزارے۔ سید رحمہ اللہ کی وفات کے بعد چوبیس سال زندہ رہے۔ خلفا کی طرف سے آپ کو کرسی ملی تھی جس پر بیٹھ کر آپ خاص و عام کے سامنے علمی مباحثے کرتے تھے۔ آپ کی تفاسیر آسمان علم پر چاند و سورج کی طرح درخشاں ہیں۔ تفسیر میں تبیان، حدیث میں تہذیب و استبصار۔ فقہ میں نہایۃ، مبسوط، خلاف کتاب الجمل، والعقود، اصول میں عدہ، رجال میں فہرست، الاختیار۔ کلام میں تلخیص الشافی اور مفصح فی الامامۃ اور کتاب الغیبۃ۔ عبادات میں مصباح متہجد اور مختصر مصباح۔ آخر عمر میں نجف اشرف سکونت اختیار کی۔ چنانچہ مقابل روضہ مبارکہ شاہ نجف اپنے گھر میں دفن ہوئے۔ جہاں آج ایک عظیم الشان مسجد "مسجد طوسی" کے نام سے مشہور ہے۔

شیخ مفید علیہ الرحمۃ

ابو عبداللہ محمد بن نعمان بغدادی معروف بہ شیخ مفید۔ ولادت سنہ ۳۳۶ھ

Marfat.com

وفات ۴۱۳ھ۔ آپ کی ریاست پر سب کا اجماع تھا۔ آپ کا علم و فضل و فقہ و عدالت موافق مخالف سب کے نزدیک مسلم تھی۔ حدیث و فقہ کلام میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے۔ علمائے اہل سنت نے آپ کی تعریف حسب ذیل الفاظ میں کی ہے:۔

"یہ شیعوں کے شیخ المشائخ، رئیس کلام و فقہ مناظر تھے۔ ہر مذہب و ملت والوں سے مناظرہ کرتے تھے۔ بہت خیرات دینے والے، بہت خشوع کرنے والے اور کثیر الصلوٰۃ و صوم تھے۔ لباس معمولی پہنتے، بوڑھے سبزہ رنگ لانعرانداز تھے ۷۶ سال زندگی کی۔ آپ کی تصانیف کی تعداد ۲ دو سو سے زیادہ ہے۔ آپ کے جنازہ میں ستر ہزار رافضیوں نے مشایعت کی۔ اپنے وقت کے بڑے زاہدوں میں آپ کا شمار ہوتا تھا۔ اور ہر وقت علم کی طرف متوجہ رہتے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ کوئی شیعہ امامی ایسا نہیں جس پر ان کا احسان نہ ہو۔ شریف ابو یعلی جعفری جو شیخ مفیدؒ کے داماد تھے۔ بیان کرتے ہیں کہ شیخ مفیدؒ رات کو ذرا سی دیر کے لیے پلک جھپکا لیتے تھے۔ اس کے بعد ساری رات نماز یا مطالعہ یا تلاوتِ قرآن شریف میں بسر کر دیتے تھے۔" انتہیٰ

علامہ سید مرتضیٰ علم الہدیٰ نے آپ کی نماز جنازہ میدان اشنان بغداد میں ادا کی۔ شیخ طوسیؒ فرماتے ہیں کہ جس قدر تشییع اور گریہ و بکا مفیدؒ کی وفات کے روز ہوا۔ ایسا پھر کبھی نہیں دیکھا گیا۔ آپ کے جنازہ پر ہر موافق و مخالف گریہ کر رہا تھا۔ روضہ کاظمین میں آپ کا مزار ہے۔

آپ کی وفات کے بعد آپ کی قبر مبارک پر حسب ذیل مرثیہ خود بخود لکھا ہوا پایا گیا۔ جس کے متعلق علماء نے فرمایا ہے کہ یہ خود صاحب الزمان علیہ السلام نے فرمایا ہے:۔

لاصوت الناعی بفقدك انه
یوم علی آل الرسول عظیم
ان کنت قد غبت فی حدث الثری
فالعدل والتوحید فیك مقیم
والقائم المهدی یفرح کلما
تلیت علیك من الدروس علوم

سیّد مرتضٰی علم الہدٰی

ابوالقاسم علی بن حسین مرتضٰی علم الہدٰی۔ ولادت ۳۵۵ھ وفات ۴۳۶ھ
علم الہدٰی کا لقب خود امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کا عطا کردہ ہے[1]
آپ کا سلسلہ نسب صرف پانچ واسطوں سے امام موسٰی کاظم علیہ السلام تک پہنچتا ہے۔ علم وادب وفقہ واصول وتفسیر تمام علوم میں استاد زمانہ تھے۔ ہر فن میں آپ کی کتابیں آج تک شہرۂ آفاق سمجھی جاتی ہیں۔ موافق ومخالف ہر ایک کو آپ کی بزرگی وشرف وقابلیت کا معترف ہے خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں آپ کی مدح کی ہے۔ اور آپ سے اخبار نقل کی ہیں۔

---

[1] وزیر ابوسعید بیمار ہوا۔ تو اس نے خواب میں حضرت امیر المومنینؑ کو دیکھا کہ فرماتے ہیں۔ کہ علم الہدٰی سے کہو کہ وہ تم پر دم کر دیں تاکہ تم اس مرض سے نجات حاصل کرو۔ وزیر مذکور نے کہا کہ کون علم الہدٰی؟ حضرت نے ارشاد فرمایا علی بن الحسین موسوی وزیر یہ رویائے صادقہ دیکھ کر بیدار ہوا۔ اور اس نے سید مرتضٰی کو خط لکھا۔ مگر سید علیہ الرحمہ نے جواب دیا کہ میں اس لقب کے لائق نہیں ہوں۔ جب یہ خبر خلیفہ قادر باللہ کو معلوم ہوئی تو اس نے خط لکھا کہ یہ لقب آپ کے جد نے آپ کو عطا فرمایا ہے اس کو قبول کر لیں۔ (کنٰی والالقاب)

Marfat.com

ابن خلکان لکھتا ہے:-

"آپ طالبین کے نقیب (سردار) علم کلام و ادب و شعر میں امام مانے جاتے تھے۔ آپ سید رضی جامع نہج البلاغہ کے بھائی ہیں"

شیخ عزالدین احمد بن مقبل کہا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص یہ قسم کھائے کہ سید مرتضیٰ عربوں سے زیادہ عربی کے عالم تھے تو وہ گنہگار نہ ہوگا۔ شیخ طوسی رحمۃ اللہ علیہ جب بھی سید مرتضیٰ کا نام نامی لیتے تھے تو صلوات اللہ علیہ ضرور کہتے تھے۔ اور اپنے شاگردوں کی طرف متوجہ ہو کر کہتے تھے کہ مرتضیٰ پر صلوات کیونکر نہ بھیجی جائے! آپ نے اپنی وفات کے بعد ۸۰ ہزار کتابیں چھوڑیں جو یا تو آپ کی تصنیف تھیں یا آپ ان کا مطالعہ کر چکے تھے۔

ایک کتاب آپ کی تصنیف ہے جس کا نام "ثمانین" (یعنی اسّی) ہے اسی طرح ہر چیز جو آپ نے چھوڑی اس کی تعداد اسّی تک پہنچتی ہے۔ عمر بھی آپ کی ۸۰ سال اور چند ماہ تھی۔ اس لئے آپ کا ایک لقب ثمانینی بھی ہے۔ حکومت میں آپ اتنے محترم تھے کہ منصب قضا اور امارت حج و حرمین پر پورے ۲۰ سال فائز رہے بغداد میں وفات پائی۔ روضہ کاظمین کے پاس سونپے گئے۔ پھر آپ کا جسد مبارک کربلائے معلیٰ لے جا کر دفنایا گیا۔ آپ کی حسب ذیل مشہور کتابیں ہیں:-

شافی (بحث امامت میں) ذخیرہ۔ جمل العلم والعمل۔ ذریعہ۔ کتاب اللطیف والخیال۔ کتاب الشیب والشباب۔ کتاب الغرر والدرر۔ تنزیہ الانبیاء

آپ کا ایک عظیم دیوان بھی ہے جس میں بیس ہزار سے زیادہ شعر ہیں۔ صفحات گذشتہ میں گذر چکا ہے کہ شیخ الطائفہ ابو جعفر طوسیؒ کو آپ سے شرف تلمذ حاصل تھا۔

(کنیٰ والالقاب)

شریف رضی (جامع نہج البلاغہ)

ابوالحسن محمد بن حسین ملقب بہ شریف رضی۔ ولادت ۳۵۹ھ وفات ۴۰۶ھ

برادر سید مرتضیٰ علم الہدیٰ سابق الذکر۔ یہ دونوں بھائی آسمانِ شیعیت کے اختر
و ماہتاب ہو کر چمکے، جیسا ان دو بھائیوں نے دنیاوی اور اُخروی عروج پایا
ان کے بعد کسی کو نصیب نہ ہوا۔ آپ کا لقب اشعر الطالبین بھی ہے۔ حافظ قرآن
بھی تھے۔ مقام علمی اسی سے ظاہر و باہر ہے کہ آپ کی جمع کردہ کتاب نہج البلاغہ
کے متعلق آج تک بعض علمائے اہلسنت کو شبہ ہے کہ یہ آپ کی تصنیف ہے
حالانکہ یہ شبہ بے بنیاد ہے کیونکہ آپ نے جو کچھ اس میں جمع کیا ہے وہ سید رضی کی
ولادت سے قبل خود اہلسنت کی کتب میں متفرقاً موجود تھا۔

ان دونوں بھائیوں کی جلالت قدر پر یہ واقعہ کافی ہے کہ جو ابن ابو الحدید
معتزلی شارح نہج البلاغہ نے تحریر کیا ہے۔ کہ ایک رات کو شیخ مفیدؒ نے
خواب میں دیکھا کہ وہ محلہ کرخ کی مسجد میں بیٹھے ہیں ناگاہ حضرت فاطمہ بنت رسول
اللہ حسن و حسین علیہما السلام کی انگلیاں پکڑے اندر داخل ہوئیں اور دونوں شہزادوں
کو شیخ مفیدؒ کے سپرد فرمایا۔ کہ ان کو فقہ کی تعلیم دو۔ یہ خواب دیکھ کر شیخ مفید
چونک پڑے اور صبح تک بڑے حیران رہے جس وقت صبح طالع ہوئی اور
شیخ مسجد میں درس دینے گئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک معظمہ کنیزوں کے جھرمٹ
میں داخل مسجد ہوئیں۔ دو صاحبزادے ان کی انگلیاں تھامے ہوئے تھے شیخ
مفید ان کو دیکھتے ہی سرِ قد تعظیم کے لئے کھڑے ہو گئے۔ اس خاتون نے فرمایا کہ
شیخ! میں بچوں کو تمہارے پاس اس لئے لائی ہوں کہ تم ان کو فقہ کی تعلیم دو۔ یہ خاتون
سید مرتضیٰ و سید رضی کی والدہ فاطمہ بنت حسین تھیں۔ یہ سنکر شیخ مفیدؒ رونے
لگے اور اپنا خواب بیان کیا۔

آپ نے بغداد میں وفات پائی۔ روضہ کاظمین کے پاس ایک خوب صورت
مسجد میں آپ کا مزار زیارت گاہ خواص و عوام ہے۔ آپ کے جنازہ پر سید مرتضیٰ
شدت غم کی وجہ سے حاضر نہ ہو سکے۔ بلکہ ان کی وفات ہونے میں اپنے جد امام
موسیٰ کاظم علیہ السلام کے روضہ پر چلے گئے۔ اور وہاں روتے رہے۔ بھائی کے

Marfat.com

ن سیّد رضی نے جو مرثیہ کہا ہے اس کے دو شعر یہاں پر نقل کئے جاتے ہیں :-

اللرجال بفجعة جذمت یدی　　ووددت لو ذهبت علی براسی

لله عمرك من قصیر طاهر　　ولرب عمر طال باد ناس

یعنی مجھ پر ایسی مصیبت پڑی جس نے میرے دونوں ہاتھ کاٹ ڈالے
ش کہ اس کے بدلہ میرا سر کٹ جاتا ۔ ہائے کس کمسنی میں تجھ کو موت آ گئی۔
ا نحالیکہ تم پاک و پاکیزہ رہے۔ اور کتنے لوگ اپنی طویل عمر برائیوں سے وابستہ
رد بیتے ہیں۔

نصیرالدین طوسی

نصیرالدین محمد بن محمد طوسی مشہور بہ محقق طوسی۔ ولادت ۵۹۷ھ وفات ۶۷۲ھ۔
فلسفہ و منطق و ہیئت جغرافیہ میں یگانہ روزگار تھے آپ کے علم و فضل کے آگے
موالف و مخالف کی گردنیں خم تھیں۔ علامہ حلّی جیسی فرد فرید آپ کی شاگرد تھی۔ مقام
طوس میں پیدا ہوئے وہیں بڑھے پڑھے اور کمال حاصل کیا۔ آپ نے علم کلام کی مشہور
کتاب تالیف فرمائی جس کا نام تجرید الکلام ہے جس کی ایک شرح علامہ حلّی نے دوسری
شرح سُنّی عالم قوشجی نے تحریر کی ہے۔ اور اس میں بہ این الفاظ اس کتاب کی تعریف کی ہے۔

"یہ کتاب عجائب و غرائب سے بھری ہوئی ہے۔ حجم میں کم ہے علم میں زیادہ ہے۔
آئمہ فن میں مقبول ہے آج تک علماء نے ایسی کتاب نہیں دیکھی۔ یہ کتاب دوپہر کے
سورج کی طرح درخشاں ہے۔"

اس کے علاوہ حسب ذیل کتب بھی آپ کی تصنیف ہیں :-

تذکرہ نصیریہ (ہیئت)۔ اخلاق ناصریہ۔ آداب متعلمین۔ اوصاف الاشراف۔
قواعد العقائد۔ تحریر المجسطی۔ تحریر اصول ہندسہ۔ تلخیص المحصل۔ حل مشکلات اشارات
ابن سینا۔

آپ ہی اسلام میں وہ پہلے عالم ہیں جنہوں نے مراغہ میں ایک عظیم الشان رصد گاہ

مطالعہ نجوم کرنے کے لئے تعمیر کی تھی۔ اس رصد گاہ میں ایک کتب خانہ تھا جس میں ۴ لاکھ سے زیادہ نادر روزگار کتابیں تھیں۔ اس رصد گاہ میں بہت سے علماء آپ کے معاون تھے۔ مثلاً قطب الدین شیرازی مؤید الدین عرضی وغیرہ۔

آپ کے علم و اخلاق کا یہ حال تھا کہ ایک شخص نے ایک دفعہ آپ کو ایک خط بھیجا جس میں آپ کو (معاذ اللہ) کلب بن کلب سے خطاب کیا گیا تھا۔ یہ خط دیکھ کر آپ نے بالکل برا نہ منایا۔ قلم اٹھا کر تحریر فرمایا۔ تمہارا مجھ کو کلب بن کلب کہنا غلط نہیں ہے۔ کیونکہ کتا ایک چوپایا ہے بھونکنے والا، لمبے ناخن والا، اس کے برخلاف میں راست قامت، نمایاں پوست، عریض ناخن والا، ناطق و ضاحک ہوں تو میرے فصول ہیں۔ خواص اس کے علاوہ ہیں۔ وہ شخص یہ جواب پاکر خجل ہوا۔

بغداد میں انتقال کیا۔ جوار امام موسیٰ کاظم اور محمد جواد علیہما السلام میں دفن ہوئے رحمہ اللہ تعالیٰ۔

علامہ حلّی

شیخ جمال الدین ابو منصور حسن بن یوسف بن علی بن مطہر حلّی۔ ولادت ۶۴۸ھ وفات ۷۲۶ھ علم و فضل کے اس درجہ پر فائز ہوئے کہ جب بھی مطلقاً علامہ کہا جائے تو اس سے علامہ حلّی مراد ہوتے ہیں۔ رئیس علماء شیعہ اور مجدد ملت جعفریہ تھے کمسنی میں درجہ علم و اجتہاد پر فائز ہو گئے۔ نصیر الدین طوسیؒ کے شاگرد تھے۔ بغداد میں شاہ خدا بندہ کے دربار میں طلب کئے گئے علمائے اہل سنت سے زبردست مناظرہ ہوا جس میں بڑی خوبصورتی سے مذہب جعفری کی اولیت اور مذاہب اربعہ (حنفی شافعی، مالکی، حنبلی) کا تاخر ثابت فرمایا۔ نتیجہ میں خدا بندہ نے مذہب حق قبول کیا۔ آپ کے تالیفات میں قواعد، تبصرہ، تذکرہ، مختلف الشیعہ، منتہی۔ تحریر (فقہ) شرح تجرید (کلام) کشف الیقین (فضائل امیر المومنینؑ) ہیں۔ ایک کتاب مسمّٰی بہ الفین تحریر فرمائی جس میں حضرت علی علیہ السلام کی خلافت بلا فصل پر پوری دو ہزار دلیلیں

Marfat.com

ع کی ہیں۔

نجفِ اشرف میں حضرت علی علیہ السلام کے زیرِ منارہ مزار شریف ہے۔

شہیدِ اوّلؒ

شمس الدین ابو عبداللہ محمد بن جمال الدین مکّی دمشقی عاملی مولف کتاب لمعہ دمشقیہ ولادت ۷۳۴ھ وفات ۷۸۶ھ۔ مکہ و مدینہ بغداد و دمشق میں چالیس سال تک درس و تدریس میں مشغول رہے۔ محبّت اہلِ بیت میں قید کئے گئے۔ ایک سال تک قلعہ شام میں حبس رہے۔ بند خانہ ہی میں اپنی مشہور کتاب لمعہ دمشقیہ تالیف فرمائی۔ اس وقت آپ کے پاس مختصر النافع کے علاوہ اور کوئی کتاب نہ تھی۔ آخر میں قاضی برہان الدین مالکی و عباد بن جماعۃ شافعی کے فتوے پر بید مرو شاہ دمشق کے حکم سے آپ کو سزائے موت سنائی گئی۔ کچھ جھوٹے الزامات عائد کئے گئے۔ اور کہا کہ اگر توبہ کر لو تو آزاد کر دیا جائے گا۔ آپ نے الزامات اور توبہ دونوں سے انکار کیا۔ آخر میں آپ کو پہلے تلوار سے قتل کیا گیا پھر لاش دار پر کھینچی گئی۔ اس کے بعد جلا دی گئی۔ رحمۃ اللہ علیہ۔ مالکی صاحب نے پہلے وضو کیا پھر دو رکعت نماز پڑھی بعد ازاں شیخ کے قتل کا فتوے دیا تھا۔ فاعتبروا یا اولی الابصار!

آپ کے تصانیف میں سے لمعہ دمشقیہ، ذکریٰ، دروس، غایۃ المراد، قواعد، وغیرہ ہیں۔

شہیدِ ثانیؒ

شیخ زین الدین بن نور الدین عاملی معروف بہ شہید ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ ولادت ۹۱۱ھ وفات ۹۶۵ھ مشہور علمائے شیعہ میں سے ہیں۔ فریقین کی فقہ و حدیث و تفسیر پر عبور کامل رکھتے تھے۔ شام و حجاز و مصر کے فقہاء سے استفادہ کیا۔ کمال حاصل کرنے بعد قسطنطنیہ آئے اور ۱۸ روز میں ایک رسالہ لکھ کر قاضی شہر کی خدمت میں پیش کیا۔

Marfat.com

یہ قاضی ایک مردِ فاضل تھا اس نے شیخ کی کافی قدر کی۔ اور خود بھی کئی مباحثے کر کے ج
اطمینان کر لیا۔ تو حکومت وقت سے سفارش کر دی چنانچہ حکومت سے آپ کا وظ
معین ہو گیا اور بعلبک کا ایک مدرسہ سپرد کر دیا گیا جہاں آپ مذاہب خمسہ کی تدریس
کرتے تھے۔ رفتہ رفتہ شہرت اتنی بڑھی کہ ہر فرقے کے مفتی اعظم مانے جانے لگے
اس کے باوجود تواضع کی یہ کیفیت تھی کہ رات کو متعلقین کے لئے سودا سلف خر
تھے۔ صبح کو مسجد میں نماز پڑھا کر جب درس و تدریس کے لئے بیٹھتے تو معلوم ہوتا
کہ علم کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔ ساری عمر تقیہ میں بسر کی۔ آخر میں یہ راز فاش ہوا۔ یہ
وہ تھا کہ شرح لمعہ کی تالیف میں مشغول تھے۔ خواب میں سید مرتضیٰ علم الہدیٰ کو دیکھا
کہ انہوں نے علماء کی دعوت کی ہے جس میں بہت سے علماء بیٹھے ہیں۔ جب شیخ
وہاں پہنچے تو سید مرتضیٰ نے ان کی بہت تعظیم و تکریم کی اور ہاتھ پکڑ کر شہید اوّل کے
پہلو میں لا کر بٹھا دیا۔ یہ خواب دیکھ کر آنکھ کھلی۔ تو اپنے ایک محرم راز سے بتلایا کہ
شہید ثانی میں ہوں گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ حج کے لئے مکہ گئے ہوئے تھے۔ مسجد حرا
میں نماز عصر پڑھ کر فراغت پائی تھی کہ شاہ قسطنطنیہ کے حکم سے گرفتار کیے گئے۔ کچھ
دنوں مکہ میں قید رہنے کے بعد قسطنطنیہ لائے گئے اور رستم پاشا وزیر شاہ قسطنطنیہ کے
حکم سے بجرم تشیع سمندر کے کنارہ لے جا کر گردن ماردی گئی۔ امام حسینؑ کی تاسی
میں تین روز تک لاشہ بے گور و کفن پڑا رہا۔ ترکمانوں کی ایک جماعت نے رات کو دیکھا
کہ اسی جگہ سے کچھ انوار آسمان پر آ جا رہے ہیں۔ صبح کو انہوں نے اکٹھا ہو کر دفن کیا وہیں
ایک قبہ تعمیر کیا۔ آپ کے تالیفات میں روضہ بہیہ در شرح لمعہ و مشقیہ، منیۃ المرید
فی آداب المفید والمستفید، اسرار الصلوٰۃ، رسالہ اثنتیولیہ در واجبات عینیہ، رسالہ در
وجوب صلوٰۃ جمعہ، روض الجنان در شرح ارشاد علامہؒ، مسالک الافہام شرح
شرائع الاسلام، مقاصد علیہ وغیرہ ہیں۔

(کنیٰ والالقاب، فہرست کتب خانہ امام رضاؑ)

Marfat.com

شہید ثالث

قاضی سید نور اللہ بن شریف الدین حسینی مرعشی شوشتری۔ ولادت ۹۵۶ھ وفات ۱۰۱۹ھ شیخ علی حزین نے اپنی کتاب تذکرہ میں آپ کی بابت لکھا ہے کہ آپ اکبر شاہ ہندوستان کے عہد میں ایران سے آئے۔ آپ اپنے مذہب کو پوشیدہ کئے رہے۔ مذاہب اربعہ کی فقہ میں ماہر کامل تھے۔ جب بادشاہ آپ کی استعداد علمی اور تبحر سے واقف ہوا۔ تو آپ کو قاضی القضاۃ کے منصب پر فائز کیا۔ سید نے یہ منصب بایں شرط منظور کیا کہ وہ وقت فیصلہ و فتویٰ مذاہب اربعہ اہلسنت میں سے کسی ایک کے پابند نہیں رہیں گے بلکہ ان کو ان چاروں میں سے کسی ایک کے مطابق فتویٰ دینے کا اختیار ہوگا۔ بادشاہ نے منظور کر لیا۔ ایک عرصہ تک لاہور میں مسند قضا پر متمکن رہے۔ جب فیصلے کرنا شروع کئے تو وہ سب مذہب امامیہ کے مطابق ہوتے تھے۔ چغل خوروں نے بادشاہ سے شکایت کی۔ بادشاہ نے جب ان سے سوال کیا تو انہوں نے ہر فیصلے کو سنیوں کے مذاہب اربعہ میں سے کسی ایک کی کتاب سے نکال کر دکھلا دیا اور جان بچ گئی۔ جب اکبر کا انتقال ہو گیا اور اس کی جگہ پر جہانگیر بیٹھا تو پھر لوگوں نے ان کی شکایت کی۔ مگر جہانگیر نے بھی کان نہ دھرا۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ آپ اپنی مشہور کتاب مجالس المومنین کی تالیف میں مشغول تھے۔ آخر میں یہ حیلہ اختیار کیا گیا کہ ایک شخص آپ کے شاگردوں میں داخل ہو کر دھوکہ سے وہ کتاب خلوت خانہ سے نکال لیگیا۔ پھر یہ کتاب علمائے وقت نے جو قاضی صاحب کی شہرت اور عزت سے جلے ہوئے تھے۔ بادشاہ کے سامنے پیش کر دی۔ بادشاہ جہانگیر نے سزا کا اختیار انہی کو دے دیا۔ اب کیا تھا سخت ترین سزا تجویز کی گئی۔ سو خاردار دُرّے، گدی سے زبان نکالی جائے۔ ٹکٹکی پر باندھ کر دُرّے لگائے جائیں۔ پیری کا عالم، ابھی پندرھواں کوڑا لگا تھا کہ طائر روح نے مقام سدرہ میں پناہ لی۔ مگر مردہ جسم پر باقی تعداد پوری کی گئی۔ اور گدی سے زبان بھی نکال دی گئی۔ ان کا لاشہ بھی تین روز تک مزبلہ پر پڑا رہا۔ کچھ

Marfat.com

لوگوں نے جناب فاطمہ زہراؑ کو خواب میں دیکھا کہ فرماتی ہیں "میرا فرزند بے گور و کفن منزلہ پر پڑا ہے"۔ چنانچہ ان لوگوں نے بصد احترام جنازہ اٹھایا۔ اور نماز پڑھ کر دفن کر دیا۔ یہ واقعہ اکبر آباد معروف بہ آگرہ کا ہے۔ آج بھی آپ کا مزار مرجع خاص و عام ہے۔ نور اللہ حقیقتاً وہ نور تھے جو قدرت نے اہل ہند کے لئے فروزاں کیا تھا۔ آج اقطار ہند و پاکستان میں جو کچھ بھی علم و ایمان کے چرچے ہیں وہ نور اللہ شوشتری ہی کے انفاس قدسیہ اور ان کی قربانی کا ثمر ہیں۔ کیونکہ ان ہی نے ان دیار میں مذہب حق کی بنیاد رکھی ہے۔

آپ کے تالیفات میں مجالس المومنین، احقاق الحق، مصائب النواصب، صوارم مہرقہ در جواب صواعق محرقہ، عقائد امامیہ وغیرہ ہیں۔

شہید رابع

شیخ محمد تقی بن محمد برغانی قزوینی شہید رابع۔ وفات ۱۲۶۳ھ۔ فحول علمائے امامیہ اور بڑے مجتہد تھے۔ ایران کے ایک قریہ برغان میں پیدا ہوئے۔ اس کے بعد قزوین میں رہائش اختیار کی۔ پھر قم و اصفہان میں علمائے وقت کی مجالس درس میں حاضر ہوئے۔ جہاں فقہ و اصول و حکمت و کلام کی تعلیم حاصل کی۔ اس کے بعد نجف اشرف چلے گئے۔ سید علی صاحب ریاض سے تلمذ حاصل کیا۔ ۱۲۴۲ھ میں شیخ جعفر کاشف الغطا کی معیت میں جہاد میں بھی شریک ہوئے۔ پھر موصوف سے اجازہ لے کر فتح علی شاہ قاچار کے زمانہ میں ایران واپس آ گئے۔ اور قزوین میں مقیم ہوئے جہاں مجلس درس قائم کی۔ تصنیف و تالیف میں مشغول رہے۔ راتوں کو عبادت الٰہی، دن میں درس و تصنیف میں بسر کرتے تھے۔

یہ وہ زمانہ تھا جب کہ ایران میں شیخیت و بابیت نے سر اٹھایا تھا۔ چنانچہ موصوف نے اس کے خلاف شدت سے وعظ کرنا شروع کیا اور بابیوں کے کفر کا فتویٰ صادر کیا جو ان کی جان کی قیمت پر تمام ہوا۔ ایک رات کو اپنی مسجد میں مصروف

Marfat.com

گریہ و بکا تھے۔ کہ کچھ لوگ اندر داخل ہوئے اور خنجروں سے جسم اقدس کو چھلنی کر دیا۔ آپ فوراً مسجد کے باہر آ گئے تاکہ خون خانہ خدا میں نہ بہے۔ جونہی دروازہ پر پہنچے غش کھا کے گر پڑے۔ قاتل اپنا کام کر کے بھاگ گئے۔ دوسرے لوگ جو موقعہ پر پہنچ گئے تھے اٹھا کر گھر لائے دو روز زندہ رہے مگر نہ کسی سے بات کر سکتے تھے نہ آب و غذا سے بہرہ ور ہو سکتے تھے کیونکہ ایک ظالم نے منہ پر بھی وار کیا تھا۔ اسی عالم میں امام حسین علیہ السلام کی تشنگی کو یاد کرتے تھے۔ اور روتے تھے۔ یہاں تک کہ روح اقدس نے قفس عنصری سے پرواز کی۔ قزوین میں دفن ہوئے جہاں آپ کا مزار مشہور و معروف ہے۔

شہید ثالث سے آپ کی مشابہت علاوہ شہادت کے آپ کی کتاب مجالس المتقین بھی ہے۔ کیونکہ شہید ثالث نے مجالس المومنین تحریر فرمائی تھی۔ مجالس المتقین کے علاوہ عیون الاصول۔ منہج الرشاد۔ شرح شرائع مکمل ۲۴ جلدوں میں ہے۔ جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ صاحب جواہر نے اس سے مدد لی ہے۔

شیخ بہائی

شیخ الاسلام بہاؤالدین محمد بن حسین عاملی۔ ولادت ۹۵۳ھ وفات ۱۰۳۱ھ

شیخ عباس قمی نے آپ کو بھی مجدد مذہب جعفری لکھا ہے۔ کیونکہ آپ گیارہویں صدی کے شروع میں ترویج دین فرما رہے تھے۔ تمام فنون و علوم میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ شاہ عباس صفوی نے منصب "شیخ الاسلام" عطا کیا تھا۔ روضہ امام رضا غریب میں دفن ہوئے۔

آپ کے تالیفات میں حبل المتین۔ اربعین۔ جامع عباسی۔ کشکول۔ عروۃ الوثقیٰ۔ مثنوی نان و حلوہ۔ زبدہ۔ صمدیہ۔ خلاصۃ الحساب۔ تشریح الافلاک۔ مفتاح الفلاح و عمل یوم و لیلہ وغیرہ ہیں۔

مقدّس اردبیلی

شیخ احمد بن محمد اردبیلی نجفی وفات ۹۹۳ھ۔ علامہ مجلسی فرماتے ہیں۔ کہ مقدس اردبیلی ورع و تقویٰ زہد و فضل کی جس حد پر پہنچے ہوئے تھے ان جیسی فرد نہ متقدمین میں دکھائی دیتی ہے نہ متاخرین میں۔ امام عصر عجل اللہ فرجہٗ کی زیارت سے مشرف ہوئے تھے۔ امیر علام بیان کرتے ہیں کہ میں ایک رات کو صحن روضہ امیر المومنین علیہ السلام میں تھا۔ رات کا کافی حصّہ گذر چکا تھا۔ اتنے میں میں نے ایک سایہ کو رات کی تاریکی میں روضہ اقدس کی طرف بڑھتے دیکھا جب میں اس سایہ کے قریب گیا تو میں نے پہچانا کہ یہ میرے استاد تقی زکی مولانا شیخ احمد اردبیلی ہیں۔ ان کو دیکھ کر میں نے اپنے کو پوشیدہ کر لیا۔ شیخ بڑھتے بڑھتے حرم کے دروازہ کے پاس آئے جو مقفول تھا۔ مگر جب وہ نزدیک پہنچے تو از خود کھل گیا۔ وہ اندر تشریف لے گئے۔ میں نے دروازہ کے پاس آکر سنا تو اندر سے دو شخصوں کی سرگوشی کرنے کی آواز آرہی تھی۔ تھوڑی دیر کے بعد شیخ روضہ سے باہر آئے اور کوفہ کی طرف روانہ ہوئے میں بھی ان کے پیچھے پیچھے روانہ ہوا۔ یہاں تک کہ ہم مسجد کوفہ میں داخل ہوئے۔ مقدس اردبیلی اس محراب میں آئے جہاں امیر المومنینؑ کی شہادت ہوئی تھی۔ تھوڑی دیر وہاں توقف فرمایا۔ پھر نجف کی طرف روانہ ہوئے جب مسجد حنانہ کے نزدیک پہنچے تو مجھ کو کھانسی آگئی شیخ نے پلٹ کر دیکھا اور فرمایا تم میر علام یہاں کیا کر رہے ہو؟ میں نے عرض کی میں نجف سے یہاں تک آپ کے ساتھ ہوں۔ آپ کو صاحب قرآن کی قسم دیتا ہوں کہ بیان فرمائیے یہ کیا معاملہ ہے؟۔ فرمایا شرط یہ ہے کہ میری زندگی میں کسی سے بیان نہ کرنا میں نے کہا منظور ہے۔ مقدس اردبیلی نے فرمایا کہ میں بعض مسائل پر غور و فکر کر رہا تھا جواب سمجھ میں نہیں آتا تھا اتنے میں میرے ذہن میں آیا کہ

حرم امیرالمومنینؑ میں چلکہ اس کا جواب لینا چاہیئے۔ چنانچہ میں حرم میں آیا اور میرے لئے بغیر کلید کے دروازہ وا کر دیا گیا۔ حرم میں میں نے مناجات کی تو میں نے اپنے مولا و آقا کی آواز ضریح کے اندر سے سنی کہ فرما رہے ہیں کہ مسجد کوفہ جاؤ اور قائمؑ سے اس کا جواب دریافت کرو۔ کیونکہ امام عصر وہ ہیں چنانچہ اب میں امام زمانہؑ سے جواب پاکر گھر کی طرف جا رہا ہوں۔

آپ کے زہد و اتقا کے بڑے قصے مشہور و معروف ہیں کہتے ہیں کہ مقدس اردبیلی نے ایک کنویں میں پانی بھرنے کے لئے ڈول ڈالا۔ جب ڈول اوپر کھینچا تو کیا دیکھتے ہیں کہ اس میں جواہرات بھرے ہوئے ہیں۔ آپ نے وہ ڈول کنویں میں انڈیل دیا۔ دوبارہ کھینچا تو پھر جواہرات نکلے۔ پھر انڈیل دیا۔ جب تیسری دفعہ بھی ڈول کھینچنے پر جواہرات ہی برآمد ہوئے تو شیخ احمد کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے۔ سمجھ گئے کہ امتحان ہو رہا ہے۔ کہنے لگے خدایا! "احمد آب می خواہد جواہر نمی خواہد"۔ نجف اشرف میں وفات پائی حضرت کے روضہ کے داہنے منارہ کے نیچے مزار شریف ہے۔ بائیں منارہ کے نیچے علامہ حلی کی قبر ہے:۔

آپ کے تصانیف میں آیات احکام۔ مجمع برہان۔ شرح ارشاد۔ حدیقۃ الشیعہ۔ مشہور کتابیں ہیں:۔

علامہ مجلسیؒ

شیخ الاسلام علامہ محمد باقر بن محمد تقی مجلسیؒ۔ ولادت ۱۰۳۷ھ وفات ۱۱۱۰ھ مستدرک الوسائل میں ہے کہ اسلام میں کسی کو وہ توفیقات نہیں ملیں جو علامہ مجلسیؒ کو ہاتھ آئیں۔ ایک طرف سے بے پایان تصنیفات چھوڑیں۔ دوسری طرف بلند مرتبہ شاگرد چھوڑے۔ پھر راتوں کو بے حد عبادت و ریاضت بھی کی۔ آپ کے درس سے ایک ہزار علماء و فضلا برآمد ہوئے۔ آپ کی سب سے بڑی

خصوصیت یہ ہے کہ آپ نے تمام احادیث شیعہ کو ایک مجموعہ میں جمع کر دیا جس کا نام بحار الانوار ہے۔ اس عظیم الشان کتاب کی ۲۶ جلدیں ہیں[1]۔

آپ کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ بحار الانوار کے علاوہ دیگر انتہائی مفید فارسی کتب تالیف فرمائیں۔

آپ کی تیسری خصوصیت یہ ہے کہ آپ اپنے عصر میں مومنین اور حکومت وقت کے درمیان رابطہ تھے۔ اور لوگوں کے حوائج پورے ہونے میں ان کی مدد کرتے تھے۔ خلاصہ یہ کہ آپ کے مدارج و مراتب حد سے سوا ہیں۔ علامہ نوری نقل کرتے ہیں کہ صاحب جواہر علیہ الرحمۃ نے بیان فرمایا کہ میں نے خواب میں ایک مکان دیکھا جس میں بہت سے علما جمع ہوتے ہیں دروازہ پر دربانوں کا پہرہ ہے۔ میں جس وقت اندر گیا تو میں نے اس جگہ ہر قسم کے چھوٹے بڑے عالموں سے مملو دیکھا۔ میں نے دیکھا کہ صدر مجلس میں علامہ مجلسی صدر مجلس میں تشریف فرما ہیں۔ صاحب جواہر فرماتے ہیں کہ یہ دیکھ کر میں نے دربان سے پوچھا کہ ان کو یہ شرف کیسے ملا؟ اس نے جواب دیا کہ یہ آئمہ معصومین کی بارگاہ میں زیادہ معروف ہیں۔ ایران کے شہر اصفہان میں وفات پائی۔ جامع کبیر کے باب قبلہ میں دفن ہیں۔ آپ کی تاریخ ولادت ہے۔ جامع کتاب بحار الانوار۔

آپ کے تالیفات میں بحار الانوار کے علاوہ حیات القلوب۔ عین الحیاۃ۔ حلیۃ المتقین، مرآت العقول شرح کافی، زاد المعاد۔ فرائد الطریفہ۔ جلاء العیون۔ تحفۃ الزائر۔ ملاذ الاخیار۔ شرح تہذیب الاخبار وغیرہ ہیں۔

---

[1] دسویں جلد جو حالات امام حسین علیہ السلام میں ہے۔ اس کا فصیح و بلیغ ترجمہ محقق عصر علامہ جزائری مدظلہ نے ۲ دو جلدوں میں فرما دیا ہے۔ فجزاہ اللہ خیرا۔ مومنین مطالعہ فرمائیں (مولف)

محدّث جزائری

محدث شہیر سید نعمت اللہ بن سید عبداللہ جزائری شوشتری ولادت ۱۰۵۰ھ وفات ۱۱۱۲ھ جزائر کے ایک قریہ صبّاغیہ میں پیدا ہوئے۔ یہ جزائر مشہور جزائر کے علاوہ ہے۔ جو سرزمین عراق میں شہر عمارہ وسوق الشیوخ کے پاس واقع ہے۔ دجلہ و فرات نے وہاں چھوٹے چھوٹے جزیرے سے بنا دیئے ہیں۔ اس بنا پر اس کو جزائر کہتے ہیں۔ سید نعمت اللہ جزائری انہی جزائر کی طرف منسوب ہیں۔

کنیٰ والالقاب میں ہے۔

" والجزائر ھنا عبارۃ عن الناحیۃ الکبیرۃ والقری المتصلۃ الواقعۃ علیٰ شفیرنھر تستر بینھا وبین البصرۃ حسنۃ الرباع والاقطاع خرج منھا جمع کثیر من علماء الشیعۃ ومنھم السیّد نعمت اللہ الموسوی الجزائری " انتھیٰ۔

یہاں جزائر سے مراد وہ سرسبز وشاداب وسیع وعریض رقبہ ہے جو نہر شوشتر کے کنارے شوشتر اور بصرہ کے درمیان واقع ہے۔ اس مقام (جزائر) سے بہت سے علمائے شیعہ نکلے ہیں اور ان میں سے سید نعمت اللہ موسوی جزائری بھی ہیں۔ (کنیٰ والالقاب جلد ۲ صـ ۳۰۴)

آپ کا سلسلہ نسب بارہ واسطوں سے امام ہمام موسیٰ کاظم علیہ السلام تک پہنچتا ہے۔ ایران وعراق میں سادات جزائر سادات صحیح النسب کا بہت بڑا اور مشہور قبیلہ ہے۔ جن میں اکثر علماء وفضلا ہیں۔

سید نعمت اللہ جزائری جن کو ہم آئندہ ان کے لقب سیّد جزائری کے ساتھ یاد کریں گے۔ ان منفرد علمائے امامیہ میں سے ہیں جنہوں نے مذہب امامیہ کی ترویج میں بڑی زحمتیں برداشت کیں۔

Marfat.com

ابھی آپ کی عمر چھ سال سے متجاوز نہ ہوئی تھی کہ قرآن و ادب میں دسترس حاصل ہو گیا تھا۔ گیارہ سال کی عمر میں عراق سے ہجرت کر کے ایران میں شیراز آ گئے جہاں اپنی تحصیلات مکمل کیں۔ اپنی تحصیل کے آخری دور میں اصفہان میں آ گئے جہاں علامہ مجلسیؒ سے تلمذ حاصل کیا۔ علامہ مجلسیؒ کے حلقہ درس میں آپ ارشد تلامذہ شمار ہوتے تھے۔ یہاں تک کہ مجلسیؒ اپنے تالیفات میں ان سے مدد لیا کرتے تھے۔ چنانچہ اہل الآثار مستدرک الوسائل وغیرہ میں ہے۔ کہ علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے اپنی عظیم کتاب بحار الانوار کی تالیف میں نعمت اللہ جزائری سے مدد لی۔ اور وہ ان کو خاص لطف و عنایت و احترام کی نظر سے دیکھتے تھے۔ اور ان کے ہمعصروں پر ان کو فوقیت دیتے تھے۔

سید جزائریؒ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ آپ نے جس زحمت و تکلیف کے ساتھ تحصیل علم کی علماء میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ چنانچہ موصوف اپنی بعض تالیفات میں تحریر فرماتے ہیں کہ زمانہ طالب علمی میں میرے پاس چراغ تک نہ تھا۔ چاندنی راتوں میں ایران کی کڑاکے کی سردیوں کے باوجود کوٹھے پر چاند کی روشنی میں مطالعہ کیا کرتا تھا۔ جب راتیں اندھیری ہو جاتی تھیں تو کمرہ میں آ جاتا تھا جہاں دیوار میں ایک شگاف تھا اس سے ہمسایہ مکان سے ناکافی روشنی آ جاتی تھی۔ ایک دفعہ میں نے کتاب پر خون کے چھینٹے دیکھے تو حیران ہوا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ رات کی سردی نے میرے ہاتھ کاٹ دیئے تھے جن سے خون کے قطرے کتاب پر بہہ گئے اور مجھے خبر نہ ہوئی۔

جس زمانہ میں شوشتر ایران کا پایۂ تخت تھا اس زمانہ میں آپ وہاں کے امام جمعہ و جماعت تھے۔ آج بھی آپ کی اولاد شوشتر و اہواز کربلا و نجف پاکستان و ہندوستان میں موجود ہے۔ جن میں بڑی تعداد علماء و فضلا کی ہے۔ ہندوستان میں سرکار مفتی سید احمد علی صاحب قبلہ مجتہد العصر اور پاکستان میں علامہ جزائری مفتی سید طیب آغا صاحب قبلہ مجتہد العصر آپ کی ذریت سے ہیں۔

Marfat.com

سید جزائری کے تالیفات میں سب سے اہم شرح تہذیب بارہ جلدوں میں. شرح استبصار دو جلدوں میں ہے. افسوس کہ یہ دونوں نادر روزگار کتابیں ابھی تک زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوئیں. ورنہ سید کا صحیح مقام لوگوں کے سامنے آتا. آپ کے مشہور تصانیف میں انوار النعمانیہ اور زہر الربیع (دو جلدوں میں) بھی ہیں. زہر الربیع میں زیادہ تر مطائبات جمع کئے ہیں جو اگرچہ اہل ہند کی افتاد طبع سے ہٹے ہوئے ہیں مگر اہل خبر جانتے ہیں کہ اہل عراق و اہل ایران بلکہ خود قرآن کے لب و لہجہ میں یہ طرز گفتگو شائع و ذائع ہے. سورۂ تحریم میں جناب مریمؑ کے مقام مدح میں ارشاد ہوتا ہے:۔ ومریم بنت عمران التی احصنت فرجها فنفخنا فیه من روحنا (تحریم: ۱۲)

اگر یہی الفاظ اردو میں کسی عورت کے لئے استعمال کیے جائیں تو اس کی مذمت بن جائیں. علاوہ بریں زہر الربیع کے مقدمہ میں سید نے جو اس کتاب کی وجہ تالیف بیان کی ہے. اس سے ان کے مقصد پر روشنی پڑتی ہے چونکہ اہل علم مطالعہ و تصنیف و تالیف سے گھبرے ہوتے ہیں حوادث روزگار بھی ان کو بالعموم بہت ستاتے ہیں اگر بعض اوقات دماغ کو تفریحی باتوں سے سکون نہ پہنچایا جائے تو اس کے مختل ہونے کا اندیشہ ہے. اسی لئے یہ حدیث وارد ہے کہ۔

ان الارواح تکل کما تکل الابدان فابتغوا لها طرائف الحکمة

روحیں بھی اسی طرح ریاضت سے تھک جاتی ہیں جس طرح جسم تھک جاتے ہیں لہذا ان کے لئے تر و تازہ حکمت کی باتیں فراہم کرو.

بہر حال غم غلط کرنے کے لئے زہر الربیع سے بہتر کوئی کتاب نہیں. اگر کسی کو شک ہو تو وہ اس کا مطالعہ کرے.

مذکورہ کتب کے علاوہ آپ کے حسب ذیل تصنیفات ہیں:۔

Marfat.com

قصص الانبیاء - نوادر الاخبار - شرح صحیفہ کاملہ - شرح جامی - منبع الحیاۃ - مفتاح اللبیب در شرح تہذیب - ہدیہ - ریاض الابرار فی مناقب الائمہ الاطہار (۳ مجلد) مسکن الشجون - غرائب الاخبار - مقامات النجاۃ - منتہی المطلب حواشی القرآن (۳ مجلد) وغیرہ -

سید جزائری کا مزار شوشتر کے قریب مقام جائے در (پل دختر) میں زیارت گاہ خاص و عام اور وسیلہ حل مشکلات مومنین ہے .

حال ہی میں آپکا روضہ متداد زمانہ سے گر گیا تھا وہاں کے ایک عالم نے خواب میں سیدؒ کو دیکھا فرماتے ہیں میرا روضہ بنوا دو - انہوں نے کہا کہ جنگل میں اینٹ پتھر کہاں سے آئے گا . جواب دیا روضہ کے پاس ایک ٹیلہ ہے اس کو کھودنا تو اندر سے مطلوبہ سامان دستیاب ہو جائے گا . عالم مذکور نے اس مقام پر آکر کھدوایا تو اندر سے اینٹیں برآمد ہوئیں جن سے قبہ کی دوبارہ تعمیر عمل میں آئی - لطف یہ کہ نہ ایک اینٹ کم ہوئی نہ زائد .

علمائے عراق و ایران کے تذکرہ کے بعد مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اب ہم مختصر الفاظ میں بعض فحول علمائے ہند کا بھی تذکرہ کر دیں جن کی روشنیٔ علم سے آج تک ہم بہرہ اندوز ہو رہے ہیں .

سابقاً ذکر کیا جا چکا ہے کہ ہندوستان میں علوم اہلبیتؑ کی داغ بیل سید نور اللہ شوشتری شہید ثالث نے ڈالی - آپ کے بعد جن علماء نے نور محمدی اور چراغ سرمدی کے فروزاں رکھنے میں حصہ لیا ان میں غفران مآب سید دلدار علی صاحب اعلی اللہ تعالیٰ مقامہٗ کا نام صف اوّل میں ہے .

غفران مآب سید دلدار علیؒ

محی الملۃ والدین علامہ سید دلدار علی غفران مآب نقوی نصیر آبادی جائسی لکھنوی ولادت سنہ ۱۱۶۶ھ وفات سنہ ۱۲۳۵ھ آپ کے والد بزرگوار سید محمد معین نصیر آبادی

Marfat.com

تھے۔

آپ کے اجداد میں سید ذکریا فاتح نصیر آباد اور اُن کے جد بزرگوار نواب نجم الملک سید نجم الدین سبزاواری فاتح جائس ۴۲۰ھ خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔ آپ کی ولادت بمقام قصبہ نصیر آباد روز جمعہ ۱۱۶۶ھ میں ہوئی۔ ۱۱۹۱ھ میں آپ کے والد بزرگوار نے انتقال فرمایا۔ ابتدائی تعلیم آپ کی مولوی سید فتح علی جائسی سید غلام حسین دکنی۔ مولوی حیدر علی سندیلوی سے ہوئی۔ ۱۱۹۳ھ میں سفر عراق کیا۔ وہاں آقا سید محمد باقر بہبہانی مجتہد کربلا۔ آقا سید مہدی طباطبائی بحر العلوم مجتہد نجف۔ آقا سید محمد مہدی شہرستانی مجتہد کربلا سے اجازات حاصل کئے۔ ۱۱۹۴ھ میں مشہد مقدس پہنچے۔ اور آقا محمد مہدی بن ہدایت اللہ اصفہانی شہید رابع طاب ثراہ سے اجازہ حاصل فرمایا۔ لکھنؤ واپس آکر نماز جماعت کی نیو آپ نے ڈالی۔ اور پہلی مرتبہ زمانہ نواب آصف الدولہ بہادر نواب اودھ میں حسن رضا خاں وزیر کے قصر میں ۱۳ رجب ۱۲۰۰ھ کو نماز ظہرین پڑھائی اور ۲۷ رجب ۱۲۰۰ھ کو نماز جمعہ پڑھائی۔ آپ نے اور آپ کی اولاد نے ملک ہند میں مذہب اثنا عشر کی خوب تبلیغ کی۔ آپ نے تیس کتابیں لکھی ہیں جن میں "عماد الاسلام" بہت مشہور ہے۔ ۱۲۲۷ھ میں امامباڑہ غفران مآب واقع لکھنؤ کی تعمیر ہوئی جس میں آپ اور دیگر اولاد و مجتہدین و اکابر شیعہ دفن ہیں۔ آپ کے پانچ صاحبزادے عالم جید ہوئے۔ آپ کی وفات ۱۹ رجب ۱۲۳۵ھ میں بمقام لکھنؤ ہوئی۔ سلطان العلما سید محمد آپ کے جانشین ہوئے۔

مفتی اعظم سید محمد عباس

شمس العلما ورع الناس مفتی اعظم سید محمد عباس شوشتری جزائری لکھنوی۔ ولادت ۱۲۲۴ھ وفات ۱۳۰۶ھ آپ نابغہ دہر و علامہ عصر تھے۔ کوئی علم و فن ایسا نہ تھا جس میں آپ کی استادی و بالادستی مسلم نہ ہو۔ آپ کا نسب ۱۷ واسطوں سے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام تک پہنچتا ہے۔ اس نسب کے تین خصوصیات ہیں۔

Marfat.com

(۱) یہ نسب جس خانوادہ سے منسوب ہے اس کو بلادِ عجم و عرب میں سادات نوریہ یا سادات جزائری کہتے ہیں۔ اور یہ نسب نہایت معزز و محترم ہے

(۲) یہ نسب نہایت کم واسطوں سے امام عالی مقام تک منتہی ہوتا ہے اس کو اصطلاح علم نسب میں "نسب عالی" کہتے ہیں۔

(۳) اس نسب میں جتنے واسطے ہیں وہ سب تقریباً علماء و زہاد عصر ہیں ان خصوصیات کا نسب کم کسی کو نصیب ہوتا ہے۔

آپ کے دادا سید محمد جعفر شوشتری (سید نعمت اللہ جزائری کے پرپوتے) ایران سے ہندوستان آئے۔ اور لکھنؤ کو اپنا مستقر بنایا۔ ان کے فرزند سید علی اکبر بھی عالم جلیل صاحب تصانیف تھے۔ ان کو خداوند کریم نے ایک گوہر نایاب عطا فرمایا جس کا نام انہوں نے اپنے بھائی کے نام پر محمد عباس رکھا۔ ایرانی تربیت، ماحول کی تاثیر اور توفیق الٰہی کی برکت سے جلد ہی افق عالم پر سورج بن کر چمکنے لگا۔ واجد علی شاہ نے اس دُرِ نجف کو اپنے تاج کا آویزہ بنایا۔ حکومت اودھ کی چیف جسٹسی (قاضی القضاۃ) کا عہدہ پیش کیا۔ جو آپ نے اس شرط پر قبول فرمایا کہ بادشاہ و وزیر کو بھی بوقت ضرورت عدالت شرعیہ میں پیش ہونا پڑے گا۔ یہ شرط واجد علی شاہ نے دل و جان سے منظور کی۔ اور مفتی صاحب قبلہ سریر قضاوت پر جلوہ افروز ہوئے۔ "مفتی" کا لقب دربار عالی سے عطا ہوا۔ جو اس وقت تک ان کی اولاد میں باقی ہے۔ واجد علی شاہ کو سرکار مفتی صاحب قبلہ سے کس حد تک عقیدت تھی وہ شاہِ موصوف کے اس منظوم خط سے ہوتی ہے۔ جو انہوں نے مٹیا برج (کلکتہ) سے نظربندی کے زمانہ میں تحریر فرمایا ہے۔ اس کے بعض شعر ہیں:

سرورِ تاج روحانیاں	سرورِ دل و جان ایمانیاں
نگین سریرِ عرش رنگین کلام!	پے پس رواں مرشد و خوش امام
تمنائے جان غریب اللہ یار	انیس و رفیق و دل غمگسار

Marfat.com

سرِ پادشاہانِ گردوں وقار	ہمالے بلندی جہ رخ بہار
حسام یداللہِ خیبر شکن	ولی سبک خو، امام زمن
آخر میں لکھتے ہیں :۔	
ترستا ہوں اس سن میں دیدار کو	مزے کسبِ نوری کے اغیار کو
پے مجتہد عدالت ہے ضرور	نہ یہ کہ وہ مفتی بھی ہو ذی شعور
تباعد میں بس حال دل ہوگا کیا	اسی واسطے مقتدا تھا بنا
کلام از ادب خالی ہو کیا عجب	بہت اب ستاتا ہے فرطِ نقوب
بتاؤ! کہ کب تک کروگے کرم	کہ ہونٹوں پہ پہنچا ہے فرقت سے دم[1]

مفتی صاحب قبلہ کے تبحر علمی کے آگے تمام علمائے عصر سرِ نیاز جھکاتے تھے تشنگانِ علوم زانوائے ادب تہ کرتے تھے۔ علمی حلقوں میں آپ "استاد الکل فی الکل" کے لقب سے پکارے جاتے تھے۔ حجۃ الاسلام سید حامد حسین صاحب قبلہ صاحبِ عبقات الانوار اور ناصر الملت سید ناصر حسین صاحب قبلہ دونوں باپ بیٹے آپ کے شاگرد رشید، نجم الملت سید نجم الحسن صاحب قبلہ بانی مدرسۃ الواعظین لکھنؤ و مدرسہ ناظمیہ آپ کے شاگرد اور داماد تھے۔ میر انیس تک کو آپ سے شرفِ تلمذ حاصل تھا۔

سرکار مفتی صاحب قبلہ کی وفات کے بعد ان کے دونوں صاحبزادے مفتی سید محمد علی صاحب[2] قبلہ مجتہد اور مفتی سید احمد علی صاحب قبلہ مجتہد آسمان لکھنؤ پر آفتاب و ماہتاب بنکر چمکے۔ موخر الذکر اس وقت لکھنؤ میں بقید حیات ہیں۔ اور متحدہ ہند میں مفتی اعظم مانے جاتے ہیں۔ (اطال اللہ تعالیٰ بقاءہ)

---

[1] یہ پوری نظم در "تاریخ عباس" مرتبہ عزیز لکھنوی میں درج ہے حصہ دوم ص ۱۶۶ [2] محقق اعصر علامہ جعفری مفتی سید طیب آغا مجتہد آپ کے صاحبزادہ ہیں اور لاہور (پاکستان) میں مقیم ہیں۔ ۱۲

سرکار مفتی صاحب قبلہ نے اپنے بعد تقریباً ہر علم و فن میں گراں قدر تصانیف کا سرمایہ چھوڑا۔ جن میں سے بعض یہ ہیں :-

روائح القرآن (تفسیر) نزع القوس ۔ ترصیع الجواہر ۔ التقاط اللئالی (حدیث) شعلہ جوالہ بشرح لمعات ضرا ۔ صفحۃ الماس ۔ روض اریض (فقہ) اسوار مسجدیہ علی مبحث الفوریہ ۔ نور الابصار فی مسائل الاصول والاخبار نبراس فی حجیۃ القیاس (یعنی قیاس بالاولویہ) جلجلۃ السحاب فی حجیۃ ظواہر الکتاب (اصول) کتاب التواریخ ۔ مقتل عثمان (تاریخ) دلیل قوی ۔ بغیۃ الطالب فی ایمان ابی طالب ۔ جواہر عبقریہ و تحفہ اثنا عشریہ (در مناظرہ) تحفۃ الادب رطب العرب ۔ اجناس الجناس ۔ ید بیضا ۔ اوراق الذہب (در ادب) توصیف التصریف ۔ فوح البیر فی مسئلۃ القید و اختیر (نحو و صرف) تعلیقہ حسنا حواشی ملا حسن شرح سلم ۔ حواشی حمد اللہ ۔ رسالہ فارسیہ جواب انعکاس خاصۃ (منطق) حواشی تحریر اقلیدس ۔ (علم ہندسہ) رفع الالتباس (عروض) تحفۃ الطب ۔ حاشیہ شرح اسباب ۔ شرح موجز ۔ (در طب) من وسلوی ۔ اخلاق حسینیہ ۔ مواعظ قرآنیہ (مواعظ)

غرضیکہ مفتی صاحب قبلہ کے تصانیف اگر گنوائے جائیں اور ان پر تبصرہ کیا جائے تو شاید یہ پوری کتاب ناکافی ہو۔

Marfat.com

جدول ولادت و وفات علمائے اعلام

نمبر	اسم مبارک	سن ولادت	مولد	سن وفات	مدفن	عمر شریف
۱	عثمان بن سعید نائب خاص		سامرہ	۲۹۵	بغداد (عراق)	
۲	محمد بن عثمان		〃	۳۰۵	〃 〃	
۳	حسین بن روح			۳۲۶	〃 〃	
۴	علی بن محمد سمری			۳۲۸	〃 〃	
۵	محمد بن یعقوب کلینی رح		کلین (ایران)	۳۲۹	〃 〃	
۶	علی بن بابویہ	۲۸۰	قم	〃	۳۴۹ قم	۶۹
۷	شیخ صدوق	۳۳۰	〃	〃	۳۸۱ رے (ایران)	۵۱
۸	شیخ الطائفہ محمد طوسی	۳۸۵	طوس		۴۶۰ نجف (عراق)	۷۵
۹	شیخ مفید	۳۳۶	بغداد		۴۱۳ کاظمین	۷۷
۱۰	سید مرتضیٰ علم الہدیٰ	۳۵۵	〃		۴۳۶ کربلا	۸۱
۱۱	سید رضی	۳۵۹	〃		۴۰۶ کاظمین	۴۷
۱۲	نصیر الدین طوسی	۵۹۷	طوس (ایران)		۶۷۲ 〃	۷۵
۱۳	علامہ حلیؒ	۶۴۸	حلہ (عراق)		۷۲۶ نجف اشرف	۷۸
۱۴	شہید اول	۷۳۴			۷۸۶	۵۲
۱۵	شہید ثانی	۹۱۱			۹۶۵ قسطنطنیہ	۵۴
۱۶	شہید ثالث	۹۵۶	مرعش (ایران)		۱۰۱۹ آگرہ	۶۳
۱۷	شہید رابع		برغان 〃		۱۲۶۳ قزوین (ایران)	
۱۸	شیخ بہائیؒ	۹۵۳			۱۰۳۱ مشہد	۷۸
۱۹	مقدس اردبیلی		اردبیل (ترکستان)		۹۹۳ نجف اشرف	

۲۰	علامہ مجلسی رح	۱۰۳۷		۱۱۱۰	اصفہان	۷۳
۲۱	سید نعمت اللہ جزائری	۱۰۵۰	جزائر	۱۱۱۲	جائے در (ایران)	۶۲
۲۲	عضران ماسب	۱۱۶۶	نصیر آباد	۱۲۳۵	لکھنؤ	۶۹
۲۳	مفتی محمد عباس	۱۲۲۴	لکھنؤ	۱۳۰۶	//	۸۲

جزیرہ خضرا میں پانچ علماء کی شہرت ہے

زمانہ غیبت کبریٰ میں حضرت کا مقام جزیرہ خضرا میں بتایا گیا ہے۔ چنانچہ صاحب "مفتاح الشفاعہ" نے نجم ثاقب سے نقل کیا ہے کہ محدث جلیل علامہ حسین نوری فرماتے ہیں کہ جس وقت شیخ زین الدین علی بن فاضل مازندرانی جزیرہ خضرا میں مشرف ہوئے۔ اور انہوں نے واپس آکر وہاں کے حالات بیان کئے تو انہوں نے کہا کہ میں نے جزیرہ خضرا میں علمائے امامیہ سے صرف پانچ شخصوں کا نام لیتے ہوئے سنا۔

(۱) سید مرتضیٰ علم الہدیٰ

(۲) شیخ ابو جعفر طوسی (شیخ الطائفہ)

(۳) محمد بن یعقوب کلینی

(۴) ابن بابویہ

(۵) شیخ ابوالقاسم جعفر بن اسمٰعیل حلّی (یعنی محقق صاحب شرائع)

اس کے بعد علامہ حسین نوری لکھتے ہیں کہ پوشیدہ نہ رہے کہ محقق کا نام ہے۔ اور یحییٰ بن سعید ہذلی حلی کے فرزند ہیں۔ لہذا یا تو اس حکایت میں کوئی تحریف معلوم ہوتی ہے۔ یا ان کے اجداد میں سے کوئی شخص اسمٰعیل نامی گذرا ہو جس کی طرف نسبت دی۔ اس حکایت کو علامہ مجلسی رح نے بحار الانوار جلد ۱۳ میں بھی ذکر کیا ہے۔ ان کے علاوہ دیگر کثیر علماء نے اس واقعہ کو اپنی

Marfat.com

(۶) سات کاذب پیغمبر دعوی پیغمبری کریں گے۔ (۷) مغلوں کے دو فرقوں میں شدید خونریزی ہو گی۔ (۸) بغداد میں اول روز سیاہ آندھی اور زلزلہ آئے گا۔ (۹) اکثر شہر غرق زمین ہوں گے (۱۰) قتل۔ وبا۔ مال۔ زراعت۔ میوے عراق میں بکثرت ہوں گے اور ٹڈی آئے گی۔ (۱۱) اولاد ابی طالب میں بارہ علم بدعوی امامت بلند ہوں گے (۱۲) ایک بدھنی جماعت بندر اور سور کی صورتوں میں مسخ ہو جائے گی۔ (۱۳) ماہ جمادی الاخر سے ماہ رجب کے دس روز تک اسقدر مینہ برسے گا کہ خلقت نے کبھی نہ دیکھا ہو گا۔ اور اس مینہ سے قبروں کے اندر مومنین کے گوشت اگیں گے۔ (۱۴) قریب قیامت تین چاند متواتر ۲۹ کے ہوا کریں گے۔

حضرت صاحب العصر علیہ السلام کے ظہور کے پیشتر پانچ علامتیں ظاہر ہوں گی۔ (۱) ماہ رجب میں آسمان سے ندا آوے گی۔ (۲) سفیانی نکلے گا۔ (۳) روبرو کے خانہ کعبہ یا پشت کوفہ پر ایک پاک نفس حسینی سید قتل ہو گا۔ (۴) اہل یمن خروج کریں گے۔ اس وقت حضرت صاحب العصر والزمان ع تین سو تیرہ متقی مومنین کو ہمراہ لیکر خروج کریں گے۔ یہ ہمراہی شہرہائے مختلف سے کچھ لوگ بستروں سے غائب ہو کر بعض علانیہ صفر طے کر کے صبح کے وقت بمقام مکہ خدمت امام علیہ السلام میں پہنچ جائیں گے۔ احادیث معتبرہ میں وارد ہوا ہے کہ جس روز آپ کا ظہور ہو گا وہ منگل کا دن اور محرم کی دسویں تاریخ ہو گی پہلے حضرت جبرائیل بیعت کریں گے اور ہر ایک مومن کی قبر میں ایک فرشتہ ندا دے گا کہ تیرا امام ظاہر ہو گیا ہے اگر تو چاہے تو ہم تجھے ان کے پاس پہنچا دیں۔ پھر جس وقت حضرت مکہ معظمہ سے باہر تشریف لائیں گے اور مومنین جمع ہو جائیں گے تو اس وقت منجانب امام منادی ہو گی کہ کوئی شخص پانی اور خوراک ہمراہ نہ رکھے۔ صرف حضرت موسیٰ کا پتھر ایک اونٹ پر بار کیا جائے گا جس میں سے ہر منزل پر بارہ چشمے جاری ہو کر بھوکوں اور پیاسوں کو سیر و سیراب

Marfat.com

کر دیں گے۔ زمین وقت سفر کو تاہ ہو گی کہ بہت جلد نجفِ اشرف میں پہنچ جائیں گے وہاں قیام کریں گے تو اسی پتھر سے دودھ اور شربت کی نہریں جاری ہوں گی۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ حق تعالیٰ نے کوئی وقت ظہور کا ظاہر نہیں فرمایا جو مقرر کرے اس نے علم غیب کا دعویٰ کیا اور کافر ہوا۔

آپ دفعتاً پشت خانہ کعبہ سے اس طرح ظاہر ہوں گے کہ عبائے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوڑھے ہوئے۔ زرد عمامہ فرق اقدس پر۔ نعلین حضرتؑ پائے مبارک میں۔ عصائے حضرت ہاتھ میں۔ چند گوسفند آگے آگے۔ سفید پوشاک زیب تن۔ دو انگشتریاں زیب انگشت۔ ایک امام حسینؑ کی جس پر انی مستجیر بك یا امان الخائفین۔ دوسری امام حسنؑ کی جس پر انی واثق برحمتك کندہ ہوگا۔

سنِ اقدس چالیس سال کا معلوم ہوگا۔ اس طرح تنہا در خانہ کعبہ پہ پہنچیں گے اہل مکہ سو جائیں گے۔ حضرت دست مبارک روئے اقدس پر پھیریں گے۔ اور فرمائیں گے حمد و شکر اس خدا کا جس نے ہمارے وعدے کو سچا کیا اور بہشت کو ہماری میراث کی کہ جہاں ہم چاہیں قرار کریں۔ بعد اس کے درمیان حجر اسود اور مقام ابراہیمؑ پر آپ کھڑے ہوں گے۔ اور ایک عمود نور زمین سے آسمان تک بلند ہوگا۔ صبح کو ۳۱۳ مومنین خدمت حضرت میں حاضر ہوں گے جن میں سے چھ مومنین ہندوستان سے مذکور ہیں (علمدار حضرت امام عصر محمد حنفیہ ہونگے) بموجب حدیث امام علی رضاؑ اسّی ہزار ملائک محدقین قبر الحسینؑ حضرت قائمؑ کے یا برکاب شریک جہاد ہوں گے اور انتقام خون ناحق مظلوم کربلا لیں گے:۔

امام عصرؑ کے ظہور کا تعیّن

اگرچہ روایات میں امام عصرؑ کے ظہور کی صرف علامات ہی بیان کی گئی ہیں اور اس کے تعین کی نفی کی گئی ہے مگر اس سلسلہ میں ایک روایت اور ایک خواب ہم درج کرتے ہیں جس کو رویائے صادقہ کہا جا سکتا ہے جس سے

آپ کے وقت ظہور پر روشنی پڑتی ہے وھوہذا۔

علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے اپنے رسالہ رجعت میں تفسیر عیاشی سے ایک روایت درج کی ہے کہ آں حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یقوم قائمنا عند انقضائھا بالرا۔ یعنی ہمارا قائم "الرا" کے خاتمہ پر ظہور کرے گا۔ اس حدیث کے معنی علامہ مجلسیؒ نے یوں کئے کہ قرآن کے پانچ سورے جہاں "الرا" آیا ہے اس کو جمع کر کے اس کے عدد جوڑے ۱۱۵۵ھ بنا۔ جو گذر گیا۔ اور آپ کا ظہور نہیں ہوا۔ وہ پانچ سورے یہ ہیں۔ (۱) ہود (۲) ابراہیم (۳) حجر (۴) یونس (۵) یوسف۔ حالانکہ قرآن کریم میں ایک چھٹا سورہ رعد بھی ہے جس میں الرا ہے۔ لہذا اب کل چھ سورے ہوئے۔ الرا کے عدد ۲۳۱ ہیں اس کو ۶ سے ضرب دینے پر ۱۳۸۶ نکلتا ہے۔ یہ اگرچہ مجملات میں سے ہے لیکن اگر اس کا یہی مطلب ہے جو علامہ مجلسیؒ نے سمجھا ہے تو ۱۳۸۶ھ یعنی آج سے دو سال بعد آپ کا ظہور موفور السرور ہوگا۔ عجل اللہ تعالیٰ فرجہٗ وسہل مخرجہٗ

پیشین گوئی بذریعہ رویائے صادقہ

شب نوزدہم ماہ شوال ۱۳۵۹ھ میں بوقت نماز صبح مجھی سید محمد صادق رضوی ولد سید ابوالفضل صاحب رئیس کروانی نے ایک خواب دیکھا۔ جس کی تعبیر کیلئے موصوف نے حقیر سے دوسری شب میں بموجودگی سید کرار حسین و سید فدا محمد و شیخ محمد حسین صاحبان سیدانوی جائسی ذکر کیا۔ میں نے تعبیر موافق دی۔ حسب مطلب خواب کا اقتباس درج ذیل ہے۔

ایک شخص نے آکر کہا کہ صادق تم کو حضرتؑ یاد فرماتے ہیں۔ میں روانہ ہوا۔ پہلے سیاہ دریا ملا۔ پھر سفید۔ پھر سبز۔ اس کے گرد گرم پانی کا دھارا تھا۔ سرسبز وادی میں داخلہ۔ پہاڑ۔ قلعہ کوہ پر عمارت۔ در پر خادم۔ در اقدس پر جاکر میں ٹھہرا۔

Marfat.com

وقت جزیرہ میں داخل ہوا تھا ایک بزرگ ملے تھے جنہوں نے فرمایا تھا کہ
نام سیّد محمدؐ ہے۔ میں حضرت کا پرپوتا ہوں۔ میری عمر اس وقت پونے
سو سال ہے میں نے تم کو حسب الحکم حضرت طلب کیا ہے۔ اور صادق!
پنے کو عارف باللہ مشہور کرو۔ بہرحال در دولت پر بوسہ دینے کے بعد
یعہ خادم کئی مرتبہ آمد و رفت کے بعد یہ حکم ہوا کہ تم مسلح تیار رہو۔ پچاس
کے بعد۔ صحیح وقت کا علم صرف خدا کو ہے۔ اس وقت جبکہ چالیس مومن
ہیں بیک وقت جمع ہو جائیں گے۔ ابھی تک چالیس مومن بیک وقت زندہ
ں رہتے۔ گھوڑا اسی وقت ملے گا۔ اس کے بعد حکم واپسی ملا۔ خدمت سید محمدؐ
آیا۔ انہوں نے دو رکعت نماز زیارت اور دو رکعت نماز شکر پڑھائی۔ ناگاہ
ھڑاہٹ کی شدید آواز سنائی دی۔ دیکھا تو ہزارہا آدمی سرخ گھوڑوں پر
سوار تھے۔ دریافت پر سید صاحب سے معلوم ہوا کہ یہ وہ مومنین ہیں
نا سے جہاد میں فوت ہو چکے۔ سب یہاں ہیں۔ آنکھ کھل گئی۔

تصدیق کرتا ہوں۔

محمد صادق

۱۹ شوال المکرم ۵۹ھ

بعض احادیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کا ظہور پنجشنبہ یا جمعہ بروز عاشورہ
ہ طاق میں ہوگا۔ شیخ مفیدؒ نے "تاریخ ظہور ۲۵ ذیقعدہ بتائی ہے۔

آپ کے ظہور کے دیگر کیفیات

جس وقت حضرت امام عصر ظہور فرمائیں گے تو حضرت عیسیٰ و خضر و
سن و ادریس علیہم السلام خدمت امام میں حاضر ہوں گے اور حضرت عیسیٰ
م علیہ السلام کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔ مفضّل نے امام جعفر صادق علیہ السلام
روایت کی ہے کہ آپ کا پایہ تخت شہر کوفہ ہوگا۔ جس کی آبادی اس وقت

بغداد سے ملحق ہو جائے گی۔ دربار مسجد کوفہ میں لگے گا۔ بیت المال مسجد سہلہ میں، مقام خلوت نجف اشرف، تعداد لشکر ظفر پیکر ایک لاکھ ۹ میل کے رقبہ میں لشکر پڑاؤ ڈالے گا۔ آپ کے علمدار محمد حنفیہ ہوں گے اسی ہزار ملائکہ مجاورین قبر امام حسینؑ آپ کے پابہ رکاب شریک جہاد ہوں جو انتقام خون ناحق امام حسین علیہ السلام ظالموں سے لیں گے۔ حضرت معرکہ شدید دجال ملعون کو قتل کریں گے۔ اور ظلم و عدوان کو روئے زمین سے حرف غلط کی طرح مٹا دیں گے۔ اس کے بعد ۳۰۹ برس تک بادشاہی کریں گے۔

امام عصرؑ کی شہادت اور دیگر معصومینؑ کی رجعت

بعض کتب سے مستفاد ہے کہ آپ کی شہادت کا باعث ایک ریش دار "ملیحہ" نامی ہوگی جو دمشق میں آپ کو شہید کرے گی۔ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کی نماز جنازہ پڑھائیں گے۔ کیونکہ حضرت کے ظہور کے ساتھ باقی معصومین کی رجعت ہو گی۔ اور اس وقت سب موجود ہوں گے۔ چنانچہ جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ پر نماز پڑھیں امام حسین علیہ السلام کفن دیں گے۔ اور مسجد رسولؐ مدینہ منورہ میں نزدیک جائے قبر رسولؐ آپ کو دفن کریں گے۔

Marfat.com

باب دوم

در ارشادات امام عصر علیہ السّلام

صفحات گذشتہ میں در حالات علماء گزر چکا کہ مقدس اردبیلی رح نے حضرت سے جواب مسائل طلب کئے۔ تو آپ نے ان کو مسجد کوفہ جاکر امام عصر ع سے پوچھنے کی ہدایت کی اور ارشاد فرمایا۔ ملّا احمد! مسجد کوفہ چلے جاؤ اور اپنے مسائل کے جوابات قائم آل محمد ص سے دریافت کرو۔ کیونکہ وہ اس وقت امام زمانہ ہیں حضرت کے ارشاد سے واضح ہے کہ اس وقت ہم کو اپنے زمانہ کے جملہ ارشادات و فرامین سے باخبر رہنا چاہیئے تاکہ ابتلاءات عصریہ میں ہم آپ سے حل مشکل چاہیں اور آپ کے حکم کے مطابق طریقے اختیار کریں۔ چنانچہ ہم ذیل میں حضرت کے آن ارشادات کو ذکر کرتے ہیں جو در زمان غیبت صغریٰ نواب اربعہ کے ذریعہ بشکل توقیع برآمد ہوئے ہیں۔ وھو ھذا۔

فتاوی حضرت امام العصر ع والزمان

۱) ابوالعباس احمد بن خضر کا بیان ہے کہ میں ایام غیبت صغریٰ امام عصر کی رویت اور زیارت کی تمنا میں از حد بے چین تھا۔ اسی اثنا میں بغیر کسی تحریک کے ایک توقیع مبارک میرے نام برآمد ہوئی جس کا ترجمہ یہ ہے۔

جواب مسئلہ

جس شخص نے میری جستجو کی وہ حقیقتاً میری تلاش میں میرے پیچھے پڑ گیا۔ اور جو شخص میری تلاش میں میرے پیچھے پڑ گیا وہ ضرور تمام خلائق کو میرا نشان بتلا دے گا۔ اور جس شخص نے خلائق کو میرا نشان بتلا دیا وہ میرے قتل و ہلاکت کا

Marfat.com

باعث ہوا۔ اور جو شخص میرے قتل و ہلاکت کا باعث ہوا وہ مُث
بھی ہوا اور کافر بھی۔

(۲) سائل نے نماز جناب جعفر طیارؓ کی نسبت استفسار کیا کہ حالت قیام میں رکوع و سجود کی حالتوں میں ذکر تسبیح اس سے سہو ہو گیا اور نماز تمام ہو سے پہلے ذکر سہو شدہ کا اس کو خیال آگیا تو ایسی حالت میں وہ اپنے سہو ذکر تسبیح کو ادا کرے یا نماز کو ادا کر لے۔ بعد اس کے ذکر تسبیح کو ادا کرے۔ سائل کے جواب میں توقیع مقدس نکلی۔ ترجمہ:۔

جواب:۔

جب ایسی حالتوں میں سے کسی حالت میں سہو واقع ہو اور وقت گذر جانے کے بعد وہ یاد آئے تو جو چیز کہ اس سے فوت ہوئی ہے ادا کر سکتا ہے

(۳) زن و شو کے معاملات میں پوچھا گیا کہ آیا عورت اپنے شوہر کی مشایعت جنازہ میں شریک ہو سکتی ہے؟ جواب میں ارشاد ہوا۔

جواب:۔

مشایعت جنازہ کر سکتی ہے۔

(۴) پھر دریافت کیا گیا کہ بیوہ کو ایام عدت میں اپنے شوہر کی قبر کی زیارت جائز ہے یا نہیں؟ تحریر فرمایا گیا۔

جواب:۔

شوہر کی قبر کی زیارت کر سکتی ہے مگر رات کے وقت اپنے گھر سے باہر نہ نکلے۔

(۵) پھر استفسار کیا گیا کہ وہ اپنے کار ضروری کے لئے بھی ایسی حالت میں باہر جا سکتی ہے۔؟ حکم ہوا۔

جواب:۔

اگر اُس کو کسی شخص غیر سے اپنا کوئی حق لینا ہے تو وہ اس سے لے سکتی ہے

اور اس کے لئے باہر جا سکتی ہے۔ مگر رات کے وقت اپنا گھر نہیں چھوڑ سکتی۔

(۶) وداع ماہ رمضان المبارک کی نسبت پوچھا گیا کہ عموماً وداع ماہ مبارک رمضان شب آخر میں پڑھی جاتی ہے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ روزِ آخر جب ہلالِ عید نمودار ہو پڑھنا چاہیئے۔ ان دونوں صورتوں میں کون سی صورت اختیار کی جائے؟۔ جواب میں ارشاد ہوا۔

جواب:۔

اعمال ماہ رمضان المبارک تمام تر رات کو کئے جاتے ہیں اس لئے وداع بھی آخر شب میں کرنی چاہیئے۔ اگر کسی ایام کا خیال ہے تو دونوں راتوں (۲۹/۳۰) کو وداع کریں۔

(۷) نماز کے بارے میں پوچھا گیا کہ ایک شخص نماز پڑھ رہا ہے۔ جب تشہد اوّل سے فارغ ہوا۔ اور تیسری رکعت کے واسطے کھڑا ہوا۔ تو اس کے لئے تکبیر کہنا واجب ہے یا نہیں؟ بعضے اس کے وجوب کے قائل نہیں۔ صرف بحول اللہ تعالیٰ وقوتہ اقوم واقعد کے ذکر کو کافی سمجھتے ہیں۔ اس مسئلہ کے جواب میں ارشاد ہوا۔

جواب:۔

اس امر میں دو حدیثیں وارد ہیں۔ ایک یہ ہے کہ جب مصلّی ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہو تو اس پر تکبیر ہے۔ اور دوسری یہ ہے کہ جب سجدہ دوم سے سر اٹھائے تو اس پر تکبیر ہے۔ پھر بیٹھ جائے پھر اُٹھے۔ پس بیٹھنے کے بعد اٹھنے کے لئے اسے تکبیر کہنا لازم نہیں ہے۔ اور اسی طرح تشہد اوّل کی بھی صورت ہے اور ان دونوں صورتوں میں سے جس پر عمل کیا جائے وہ صحیح ہوگا۔

(۸) قربانی کے متعلق سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے اپنے دوست سے کہا کہ اس کی طرف سے اونٹ مول لے کر اسی کی طرف سے منیٰ میں نحر کر دے

Marfat.com

چنانچہ اس شخص نے اونٹ تو خرید لیے مگر قربانی کرتے وقت اس کا نام لینا بھول گیا۔ جب ذبح کر چکا تو نام یاد آیا۔ تو آیا ایسی قربانی اس شخص کی طرف سے صحیح ہو گی یا نہیں ؟ جواباً قلمی ہوا۔

جواب :۔

اس میں کوئی مضائقہ نہیں اور اس کے دوست کی طرف سے جائز ہے

(۹) دریافت کیا گیا کہ کتب اعمال مثل (ثواب القرآن فی الفرائض) وغیرہا میں وارد ہے کہ آپ کی خدمت سے حکم ہوا ہے کہ مجھے سخت تعجب ہوتا ہے اس شخص کی غفلت پر جو اپنی نماز میں سورۃ انا انزلناہ کی تلاوت ترک کرتا ہے میں نہیں سمجھتا کہ اس کی نماز کیسے مقبول بارگاہ احدیت ہوتی ہے۔ پھر دوسری جگہ حکم ہوا کہ وہ نماز کسی طرح بہتر نہیں کہی جا سکتی جس میں سورۃ قل ھو اللہ احد کی تلاوت نہیں کی جاتی۔ پھر تیسری جگہ فرمایا گیا ہے کہ جو شخص اپنی نماز میں (سورۃ ہمزۃ یعنی ویل لکل ھمزۃ۔ پارہ ۳۰ میں ہے) کی تلاوت کرتا ہے۔ اس کو بقدر دنیا ثواب ملتا ہے۔ کیا ایسی حالت میں مناسب ہے کہ سورہ ہائے انا انزلناہ اور قل ھو اللہ احد کو ترک کر کے سورۃ ہمزۃ کی تلاوت کی جائے۔ اگرچہ یہ ظاہر ہے کہ ان دونوں سورتوں کے ترک کرنے میں اجابت و مقبولیت نماز میں تردد واقع ہوتا ہے۔ جواب بذریعہ توقیع عطا ہوا کہ :۔

جواب :۔

ثواب ان سورتوں کی تلاوت کا ایسا ہی ہے جیسا کہ وارد کیا گیا ہے۔ اور اگر کوئی شخص ان سورتوں میں سے جن کا ثواب لکھا ہے ترک کر دے اور بجائے اس کے سورۃ قل ھو اللہ احد اور سورۃ انا انزلناہ ان کی فضیلت کی وجہ سے پڑھے تو ثواب اُن سورتوں کا جو اس نے پڑھے اور ان سوروں کا بھی جو اس نے ترک کر دئے دونوں اس کو عطا کئے جائیں گے۔

اور یہ بھی جائز ہے کہ ان دونوں سوروں کے سوا دوسرے سورے بھی پڑھے جائیں۔ نماز ہو جائے گی لیکن ان دو سوروں کا ثواب اسے نہیں ملے گا۔

(۱۰) ایک شخص کے بارے میں پوچھا گیا کہ ایک شخص کو تحصیل اموال موقوفات کا عہدہ سپرد ہے اور وہ ان اموال کو جو اس کے قبضہ میں ہیں اپنے لئے حلال جانتا ہے۔ اور اموال موقوفات کو لے لینے سے کوئی پرہیز نہیں کرتا ایسی حالت میں مجھ کو اکثر ان دیہات میں جانے کا اتفاق ہوا جو اس کے زیر انتظام ہیں۔ اور اس کو میں اکثر وہاں پاتا ہوں۔ اور مجھے اس کے پاس جانے کا بھی اتفاق ہوتا ہے۔ اور اکثر کھانے کا وقت بھی ہو جاتا ہے۔ وہ مجھے کھانے کی تکلیف دیتا ہے۔ اگر میں اس کے کھانے سے انکار کرتا ہوں تو وہ مجھ سے سخت عداوت کرتا ہے۔ اور اس کی موجودہ عداوت میری مختلف اقسام کی مضرت کا باعث ہوتی ہے۔ ایسی خاص حالت میں مجھے اس کا کھانا کھانا جائز ہوگا یا نہیں۔ اور اگر میں اس کے کفارہ میں تصدق کرنا چاہوں تو اس تصدق کی کیا مقدار ہونی چاہیئے۔ اور اگر یہ وکیل موقوفات کسی شخص کے پاس کوئی شے کھانے کی ہدیہ کے طور پر بھیجتا ہو اور اتفاق وقت سے میں بھی اس کے پاس موجود ہوں اور وہ مجھ سے کہے کہ اس میں سے کھا لو۔ یا اپنے گھر لے جاؤ۔ حالانکہ مجھے معلوم ہے کہ ہدیہ بھیجنے والا۔ وکیل موقوفات ان اموال موقوفات کے تصرف میں کوئی خوف نہیں کرتا ہے تو اگر وہ ہدیہ میں لے لوں یا اس میں سے کچھ اپنے گھر لے جاؤں تو میرے اس عمل سے خاص میرے لئے کوئی حرج ہوگا یا نہیں؟ اس کا جواب ذیل کی عبارت میں مرحمت کیا گیا۔

جواب :۔

اگر اس شخص کی کوئی جائداد یا آمدنی سوائے اموال موقوفات کے اس کے اختیار میں ہے تو اس کا کھانا بھی کھایا جا سکتا ہے اور تحفہ بھی لیا جا سکتا ہے۔

اور اگر دوسری معاش نہیں ہے تو جائز نہیں ہوگا۔

(۱۱) ارکان نماز واجب وسنت اور سجدہ شکر کی نسبت پوچھا گیا کہ نماز واجب میں مصلّی قنوت کی دعا پڑھ کر اپنے ہاتھ اپنے منہ اور سینہ کی طرف سیدھا کر لیتا ہے مطابق اس روایت کے جس میں وارد ہوا کہ حق سبحانہ وتعالیٰ اس سے کہیں زیادہ بزرگ ہے کہ وہ اپنے بندے کے ہاتھوں کو دعا کرنے کے بعد خالی پھیر دے بلکہ وہ اپنی رحمت سے اس کے ہاتھوں کو لبریز کر دیتا ہے۔ اور دوسری روایت کی رُو سے ہاتھوں کو منہ پر پھیر لینا منقول ہوا ہے۔ آیا یہ عمل جائز ہے یا نہیں؟ بعض علما سے مروی ہے کہ نماز میں دونوں صورتوں میں سے صرف ایک ہی پر عمل جائز ہو سکتا ہے جواب میں ارشاد فرمایا گیا:۔

جواب:۔ نماز واجبی میں ہاتھوں کو سر اور منہ پر پھیرنا جائز نہیں ہے۔ اور جس چیز کے ساتھ نماز واجبی میں عمل کیا جاتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ جب مصلی قنوت پڑھ چکے تو وہ اپنے ہاتھوں کو آہستگی اور سہولت کیساتھ اپنے سینے کے مقابل لا کر اپنے زانوؤں تک پہنچائے اور تکبیر کہے۔ اور پھر رکوع میں جلد چلا جائے۔ منہ پر ہاتھ پھیر لینے کی خبر بھی صحیح ہے۔ مگر نوافل شب و روز میں نہ کہ نمازہائے واجب میں۔ اور نوافل میں اس عمل کا بجالانا یعنی ہاتھوں کا منہ پر پھیر لینا افضل ہے۔

(۱۲) سجدہ ہائے شکر کے بارے میں پوچھا گیا کہ کرنا چاہیئے یا نہیں؟ کیونکہ بعض اس کو بدعت بتلاتے ہیں۔ اور اگر جائز ہے تو نماز مغرب کے بعد ہے یا نافلہ پڑھ کر ہے۔؟ اس مسئلہ کا جواب ذیل کی عبارت میں صادر ہوا۔

جواب:۔ سجدۂ شکر لازم و واجب ترین سنت سے ہے اور کبھی کسی نے اس کو بدعت نہیں بتلایا مگر اس شخص نے جس نے دین خدا میں احداث و اختراع کیا ہوگا۔ اب اس امر کا جواب کہ سجدۂ شکر خصوصاً بعد

از مغرب وقبل از چہار رکعت نوافل مغرب کے ساتھ لازم ہے یہ ہے کہ اُن دعا اور تسبیحات کی فضیلت جو بعد فرائض بجالائی جائیں اُن دعاؤں پر جو نوافل کے ساتھ ادا کی جائیں بعینہٖ ایسی ہے جیسا کہ فرائض کی فضیلت نوافل پر ثابت ہے۔ اور سجدہ اصل میں دعا و تسبیح ہے لہذا افضل یہی ہے کہ فرائض کے بعد بجالایا جائے اور اگر بعد نوافل بجالائیں تو بھی جائز ہوگا۔

(۱۳) بیع وشراء کے متعلق یہ سوال کیا گیا کہ ہمارے چند برادرانِ ایمانی ایسے ہیں جنہیں ہم پہنچانتے ہیں۔ ایک قطعہ زمین نوآباد قید خانہ شاہی سے ملحق ہے جس میں حاکم وقت کا بھی حصّہ ہے اور قبضہ جابرانہ وغاصبانہ ہے اکثر اوقات بعض اہل شہر اُسے بغیر اجازت جوت بو لیتے ہیں اور اس کی وجہ سے عمال شاہی اُن کو سزا بھی دیتے ہیں۔ اور حتی الامکان ملازمینِ سلطانی اس کی پیداوار پر قابض ومتصرف ہونے سے اہلِ شہر کو باز رکھتے ہیں۔ اس لئے وہ زمین بوجہ ویران رہنے کے کچھ ایسی قیمت بھی نہیں رکھتی اس لئے کہ کامل بیس برس سے محض افتادہ پڑی ہوئی ہے۔ یہ مذکورہ بالا برادران ایمانی اس کی خریداری سے انکار محض کرتے ہیں اس لئے کہ ان کو معلوم ہو چکا ہے کہ یہ قطعہ زمین کسی زمانہ میں کسی شخص خاص نے وقف کیا تھا جس کو سلطان وقت نے جبراً لے لیا ہے، پس صورت مسطورہ میں اگر زمین مذکور کی بیع سلطان وقت کی طرف سے جائز ہے اور اس میں کوئی حرج شرعی نہیں ہے تو اس کا خرید لینا ہمارے برادران ایمانی کے لئے نہایت مفید اور نافع ثابت ہوگا۔ اور زمین مذکورہ بھی شاداب وآباد ہو جائے گی۔ اور وہ حصّہ زمین ایسا ہے کہ آسانی سے سیراب ہو سکتا ہے اور عمدہ پیداوار دے سکتا ہے۔ اور اگر اس کی بیع سلطان وقت کی جانب سے حلال نہیں ہے تو حکم امتناع جاری فرمایا جائے۔ جواب یہ آیا:۔

جواب:۔ سوائے مالک زمین مذکورہ کے بیع کئے ہوئے یا

Marfat.com

اس کا حکم یا اس کی رضا و استمزاج لیے ہوئے معاملہ مسطورہ صحیح و جائز نہیں ہوگا :-

(۱۴) ۳۰۸ھ میں (غیبت صغرا) محمد بن عبداللہ حمیری نے آپ کی خدمت میں ایک بہت بڑا عریضہ لکھا اور یہ بیان کیا کہ ہماری قوم و ملت کے بعض اہل علم و یقین اور اکثر خواتین باتمکین آج ۲۲ برس سے ماہ رجب کے روزے رکھتی ہیں۔ اور اپنے ان روزوں کو علی التسلسل شعبان اور ماہ رمضان کے روزوں سے ملا دیتی ہیں۔ بخلاف اس سیرت کے ہمارے بعض علما فرماتے ہیں کہ یہ روزے معصیت میں داخل ہیں اس مسئلہ کے جواب میں ذیل کی عبارت تحریر فرمائی گئی۔

جواب :- ماہ رجب میں پندرہ روز تک تو روزہ رکھیں پھر منقطع کر دیں مگر اپنے قضا روزوں میں سے تین روزے بعد کو بھی رکھ سکتے ہے۔ کیونکہ اس امر میں حدیث خاص وارد ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں کہ ماہ رجب قضا روزوں کے ادا کرنے کے لئے سب سے اچھا مہینہ ہے۔

(۱۵) دریافت کیا گیا کہ مامموم اس وقت شریک جماعت ہوا جب امام ذکر رکوع میں مشغول تھا۔ وہ اپنے موجودہ الحاق بالجماعت اور ذکر رکوع کو جو اس نے امام کے ساتھ کیا ہے رکعت فوت شدہ کے برابر جانتا ہے۔ بخلاف اس کے بعض اصحاب کا خیال ہے کہ تاوقتیکہ یہ شخص امام تکبیر کی آواز کو جو امام بیش از رکوع کہتا ہے نہ سن لے صرف ذکر رکوع یا محض اقتدائے امام جماعت کو ایک رکعت فوت شدہ کی جگہ نہیں شمار کر سکتا اس مسئلہ کا جواب ان لفظوں میں قلمی ہوا۔

(۱۸) جواب :- اگر وہ شخص ایسی حالت میں بھی امام جماعت سے مل جائے کہ جب اس کو ذکر رکوع میں صرف ایک بار سبحان اللہ کہنے کو اور رہ گیا

Marfat.com

ہوتا ہے اس کی ایک رکعت شمار میں آئے گی خواہ اس نے امام جماعت کی تکبیر قبل از رکوع کی آواز کو سُنا ہو یا نہیں۔

(۱۶) دریافت کیا گیا کہ ایک شخص نے نماز ظہر کے بعد نماز عصر پڑھی جب نماز عصر کی دو رکعت پڑھ چکا تو اُسے خیال آیا کہ اس نے نماز ظہر کی کُل ۲ دو رکعتیں پڑھی ہیں۔ ایسی صورت میں اُسے کیا کرنا چاہئے؟ جواب میں تحریر فرمایا گیا۔

جواب :- اگر اس نے درمیان نماز کے کوئی ایسا امر کیا ہے جس سے نماز باطل ہو جاتی ہے تو اسے دونوں نمازوں کا اعادہ کرنا چاہیئے۔ اور اگر ایسا امر کوئی اس سے سرزد نہیں ہوا ہے تو ان دو نوں رکعتوں کو جو اس نے نماز عصر کے حساب میں پڑھی ہیں۔ نماز ظہر کے تتمہ میں محسوب کرے بعد اس کے نماز عصر پڑھ لے۔

(۱۷) سوال ہوا کہ آیا اہل بہشت کے لیے توالد و تناسل بھی ہے یا نہیں؟ جواب مرحمت ہوا۔

جواب :- عورتوں کو بہشت میں ولادت، حیض، نفاس اور تمام نسائی ضرورتوں کی کوئی حاجت نہیں ہوگی۔ (اس کے بعد جنت کی حالت تحریر فرمائی گئی ہے) ..... عورتوں کو بہشت میں حمل ہونے اور بچہ جننے وغیرہ کی کوئی ضرورت نہ ہوگی اور تمام اشیاء وہاں ایسی ہی مخلوق ہوں گی جیسے کہ حضرت آدم علیٰ نبینا وآلہ وعلیہ السلام کو اس نے عبرت اور تنبیہ الخلائق کے لئے خاص طور پر بغیر ان اسباب کے لیے خلق فرمایا ہے۔

(۱۸) پوچھا گیا کہ خاک تربت جناب امام حسینؑ مبیّت کے ساتھ قبر میں رکھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب میں تحریر فرمایا گیا۔ جائز ہے۔

Marfat.com

(۱۹) استفسار کیا گیا کہ حضرت امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ آپ
اپنے فرزند گرامی حضرت اسمٰعیل رضی اللہ عنہ کے کفن پر اپنے دست مبارک
سے تحریر فرما دیا تھا۔ اسمٰعیل یشھد ان لا الٰہ الا اللہ ۔
آیا ہم لوگوں کے لیے بھی اپنی میت کے پارچہ ہائے کفن پر اس کا لکھنا جائز
ہوگا یا نہیں ؟ اور آیا ہم ان فقرات کو خاک تربت امام حسین سے لکھ سکتے
ہیں یا نہیں۔ جواب میں تحریر ہوا۔

جواب :۔ جائز ہے۔

(۲۰) پوچھا گیا کہ خاک تربت حضرت امام حسین سے تسبیح تیار کر کے اس پر
سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم پڑھنا جائز ہوگا یا نہیں ؟ اگر جائز ہے
تو اس میں کوئی فضیلت خاص بھی ہے یا نہیں۔ جواب میں حکم ہوا :
جواب :۔ تسبیح خاک شفا پر ذکر جائز ہے کسی دوسری شے پر ذکر
تسبیح کو وہ فضیلت حاصل نہیں ہے جو خاک شفا پر ہے اور جو فضیلت
مخصوصہ اس کو حاصل ہے وہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص ذکر تسبیح کو بھول جائے
اور صرف اس کے دانوں کو گردش دیا کرے تو اس کو ذکر تسبیح کا پورا
ثواب دیا جائے گا۔

(۲۱) دریافت کیا گیا کہ بائیں ہاتھ سے تسبیح پڑھنا جائز ہے۔ ؟

جواب :۔ جائز ہے۔

(۲۲) سوال کیا گیا کہ کیا انسان کے لیے جائز ہے کہ وہ نماز واجبی یا مستحبی میں
تسبیح کو اپنے ہاتھ سے گردش دے۔

جواب :۔ اگر اس کو غلطی یا سہو کا خوف ہو تو جائز ہے۔

(۲۳) پوچھا گیا کہ خاک پاک پر سجدہ صحیح ہے۔ اور اس میں بھی کوئی فضیلت
خاص ہے ؟ حکم ہوا۔

جواب :۔ جائز ہے اور اس میں بھی فضیلت ہے۔

Marfat.com

(۲۴) استفسار کیا گیا کہ ایک شخص زیارت قبور حضرات آئمہ طاہرین سلام اللہ علیہم اجمعین کے لیے جایا کرتا ہے۔ اُس کو اُن قبور مطہرہ کے آگے سجدہ جائز ہے یا نہیں۔ آیا یہ بھی اس کے لیے جائز ہے کہ وہ قبر مطہرات کے نزدیک نماز پڑھے اور اگر نماز پڑھے تو قبر مطہر کی پشت پر کھڑا ہو۔ اور مزار کو قبلہ کی طرف آگے لے لے۔ یا قبر مطہر کی دائیں جانب استادہ ہو۔ یا بائیں جانب کھڑا ہو کر نماز ادا کرے۔ آیا جائز ہے کہ قبر منور کو اپنی پشت پر لے کر اس کے آگے قبلہ کی طرف اس طرح کھڑا ہو کہ قبر مطہر اس کی پس پشت واقع ہو؟ ناحیہ مقدسہ سے اس کا جواب اس عبارت میں صادر ہوا۔

جواب:۔ قبور پر سجدہ کرنا کسی صورت میں عام اس سے کہ بقصد زیارت ہو یا نوافل یا فرائض جائز نہیں ہے۔ باقی رہا جس امر پر عمل ہو سکتا ہے وہ اتنا ہی ہے کہ سیدھے رخسار کو قبر مطہر پر رکھے۔ اور نماز ہر قبر منور کے پشت پر اس طرح ادا کرے کہ قبر منور کو اپنے منہ کے آگے رکھے۔ اور قبر منور کے آگے کھڑے ہو کر یا بالائے سر یا پائیں پا نماز کا ادا کرنا جائز نہیں ہے۔ کیونکہ امامؑ کے آگے کھڑے ہونا یا ان کے برابر کھڑا ہونا یا اُن کے یمین و یسار کھڑا ہونا جائز نہیں ہے۔

(۲۵) استفسار کیا گیا کہ ایک شخص نے اپنے مال میں سے کچھ نذر خدا نکالنا اور نیت کی کہ اپنے اس مال کو اپنے کسی برادر مومن پر ایثار کر دے گا۔ مگر اس نیت کے بعد وہ اپنے عزیز و اقارب میں سے خاص ایک شخص کو محتاج پاتا ہے تو کیا ہو سکتا ہے کہ بخلاف نیت سابق وہ اپنے اس مال کو بجائے عام برادران ایمانی کے اپنے اس عزیز اور قریبی برادر کے حوالہ کر دے۔ ناحیہ مقدسہ سے یہ جواب عنایت کیا گیا۔

جواب:۔ دونوں میں سے جو شخص اس کے مذہب سے قریب تر

Marfat.com

ہو اس کو دینا چاہیئے۔ اور اگر اس حدیث پر نظر کی جائے کہ معصومؑ نے فرمایا۔ خدا اس شخص کے صدقہ کو قبول نہیں کرتا جس کا کوئی عزیز محتاج ہو تو اس مال کو دونوں پر تقسیم کر دینا چاہیئے۔ تاکہ دونوں فضیلتیں ہاتھ آ جائیں :۔

(۲۶) پوچھا کہ مبرص و مجذوم اور مفلوج کی گواہی درست ہے کیونکہ ان کے متعلق وارد ہوا ہے کہ یہ امامت نماز نہیں کر سکتے۔

جواب :۔ اگر یہ امراض ان کو پیدائش کے بعد حادث ہوئے ہوں تو جائز ہے۔ اور اگر خلقی ہوں تو جائز نہیں ہے۔

(۲۷) پوچھا گیا کہ خز[1] کا لباس جس میں خرگوش کے بال مخلوط ہوں اس کے بارے میں امام حسن عسکری علیہ السلام سے پوچھا گیا تھا کہ آیا اس میں نماز ہو سکتی ہے یا نہیں ؟ — فرمایا ہو سکتی ہے۔ پھر ایک روایت میں ہے کہ نہیں ہو سکتی۔ پس ان دونوں روایتوں میں سے کس پر عمل کیا جائے ؟

جواب :۔ ان کی جلد کے ساتھ نماز حرام خالی بالوں میں جائز ہے۔

(۲۸) دریافت کیا گیا کہ بعض اوقات انسان اندھیرے میں نماز شب پڑھتا ہے اور غلطی سے پیشانی بجائے سجدہ گاہ کے فرش پر پڑ جاتی ہے۔ جب سر اٹھایا تو سجدہ گاہ نظر آئی کیا یہ سجدہ محسوب ہو گا یا نہیں ؟

جواب :۔ جب تک بالکل سیدھا ہو کر نہیں بیٹھا ہے سجدہ گاہ ڈھونڈنے کے لیے سر اٹھا سکتا ہے۔ (احتجاج طبرسی)

(۲۹) وقت طلوع و غروب آفتاب نماز کے متعلق پوچھا گیا کیونکہ روایات بطرق عامہ وارد ہیں کہ یہ وقت شیطان کے سینگ نکلنے کا ہوتا ہے۔

---

[1] ایک قسم کا دریائی چوپایہ جو لومڑی سے مشابہ ہوتا ہے۔ اس کو دریائی کتا بھی کہتے ہیں۔ اس کے سمور میں نماز درست ہے جلد میں درست نہیں ہے۔ (جزائری)

Marfat.com

لہذا ان اوقات میں نماز نہیں پڑھنا چاہئے۔ جواب بہ الفاظِ ذیل برآمد ہوا:۔

جواب:۔ تم نے طلوع و غروب شمس کے وقت نماز کی بابت جو دریافت کیا ہے تو اس کے متعلق یہ ہے کہ اگر بالفرض وہ بات مان لی جائے جو عامۃ الناس میں مشہور ہے کہ صبح کو سورج شیطان کے دونوں سینگوں کے درمیان طلوع کرتا ہے اور شام کو بھی اس کے سینگوں کے بیچ میں غروب کرتا ہے تو شیطان کی ناک رگڑنے کے لیئے نماز سے بہتر کونسی چیز ہو سکتی ہے لہذا تم ان اوقات میں نماز پڑھ کر ابلیس کی ناک کو خوب رگڑا کرو۔

(۳۰) ایک ایسے بچہ کے متعلق سوال کیا گیا جس کا ختنہ کیا گیا۔ لیکن بعد میں کھال دوبارہ بڑھ گئی۔ اس کا دوبارہ ختنہ کیا جائے یا نہیں۔؟

جواب:۔ اس کا ختنہ دوبارہ واجب ہے کیونکہ اغلف (جسکا ختنہ نہ کیا گیا ہو) جب زمین پر پیشاب کرتا تو چالیس روز تک زمین فریاد کرتی ہے۔

(۳۱) نماز کی حالت میں سامنے آگ، مورت، چراغ کی بابت پوچھا گیا کہ ایسی حالت میں نماز درست ہے یا نہیں؟

جواب:۔ جو بت پرستوں اور آتش پرست کی اولاد ہو اس کے لئے جائز نہیں ہے۔

نمازِ مغرب و صبح دیر سے پڑھنے والا ملعون ہے

شیخ محمد بن یعقوب کلینیؒ نے کافی میں زہری سے روایت کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں عرصہ سے صاحب الزمان کی زیارت کا مشتاق تھا۔ اور اس مقصد کے لئے میں نے کافی پیسہ صرف کیا یہاں تک کہ میں محمد بن عثمان عمری

Marfat.com

(حضرت کے دوسرے نائب خاص) کی خدمت میں شرف یاب ہوا۔ اور ایک عرصہ تک میں ان کی خدمت کرتا رہا۔ آخر میں مَیں نے ان سے اپنا مدعا بیان کیا پہلے تو انہوں نے میری مطلب برآری سے پہلوتہی کی۔ جب میں نے بہت الحاح وزاری کی تو انہوں نے کہا کہ کل صبح سویرے آجانا۔ چنانچہ میں دوسرے روز ان کی خدمت میں پہنچا۔ جس وقت میں وہاں گیا تو میں نے ان کو ایک جوان سے گفتگو میں مشغول پایا۔ جس کا چہرہ بہت خوب صورت تھا اور اس کے جسم سے خوشبو نکل رہی تھی اور اس کی آستین میں تاجروں کی طرح سے کوئی چیز تھی۔ میں عمری کی طرف بڑھا۔ مگر انہوں نے اس شخص کی طرف انگلی سے اشارہ کیا۔ میں نے اس شخص سے جو سوالات کئے انہوں نے ہر بات کا جواب شافی دیا۔ بعد ازاں وہ گھر میں داخل ہونے لگے۔ عمری نے کہا۔ اور جو پوچھنا ہو پوچھ لو۔ کیونکہ اس کے بعد پھر کبھی ان کو نہ دیکھ سکو گے۔ میں مزید سوالات کرنے کے لئے آگے بڑھا۔ تو انہوں (صاحب الزمان علیہ السلام) نے اس سے زیادہ کوئی بات نہ فرمائی کہ۔

مَلْعُوْنٌ مَلْعُوْنٌ مَنْ اَخَّرَ الْعِشَاءَ اِلٰی اَنْ تَشْتَبِكَ النُّجُوْمُ مَلْعُوْنٌ مَلْعُوْنٌ مَنْ اَخَّرَ الْغَدَاةَ اِلٰی اَنْ تَنْقَضِیَ النُّجُوْمُ ——— ملعون ہے ملعون ہے۔ وہ شخص جو شام کی نماز (یعنی مغرب) اتنی دیر سے پڑھے کہ ستارے آسمان پر چھٹک جائیں اور صبح کی نماز اتنی دیر سے پڑھے کہ ستارے غائب ہو جائیں۔ ——— یہ کہکر آپ گھر میں داخل ہو گئے۔ (احتجاج طبرسی)

خمس کے متعلق امام عصرؑ کا ارشاد

خمس کے متعلق ہمارے اہل ثروت حضرات بڑی سستی کرتے ہیں اور ان کو اللہ کی غفاری اور اہلبیت کی رحیمی پر بھروسہ ہے کہ وہ بروز قیامت بخشوا لیں گے (۱)

حالانکہ ان کو خبر نہیں کہ یہ حقوق الناس میں سے ہے۔ اور یہ بھی خبر نہیں کہ امام عصرؑ نے اس معاملہ میں سہل انگاری کرنے والے کو کن الفاظ میں یاد کیا ہے۔ اس سلسلہ میں حسب ذیل احادیث ملاحظہ ہوں۔

(۱) من یستحل ما فی یدہ من اموالنا ویتصرف فیہ تصرفہ فی مالہ من غیر امرنا فمن فعل ذلک فھو ملعون ونحن خصماؤہ یوم القیمۃ وقد قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم المستحل من عترتی ما حرّم اللہ ملعون علی لسانی ولسان کل نبی مجاب فمن ظلمنا کان فی جملۃ الظالمین لنا وکانت لعنۃ اللہ علیہ لقولہ عزوجل الا لعنۃ اللہ علی القوم الظالمین۔

(ترجمہ) اگر کسی کے پاس ہمارا مال (سہم امام) ہو۔ اور وہ اس میں اس طرح تصرّف کرے کہ جس طرح اپنے مال میں تصرّف کرتا ہے پس جو بھی ایسا کرے وہ ملعون ہے اور ہم بروز قیامت اس کے دشمن ہوں گے۔ کیونکہ نبی اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جو شخص میری عترت سے وہ حلال سمجھے جو اللہ نے اس کے لئے حرام قرار دیا ہے وہ میری زبان سے ملعون ہے اور ہر نبی مستجاب الدعوات کی زبان سے ملعون ہے۔ لہذا جو بھی ہم پر ظلم کرے وہ بھی انہی ظالموں میں سے محسوب ہوگا جنہوں نے ہم اہل بیت پر ظلم کیا اور اس پر خدا کی لعنت ہوگی۔ کیونکہ اس نے قرآن میں ظالموں پر لعنت فرمائی ہے۔

(۲) اور جو تو نے اس جائداد کے متعلق سوال کیا ہے جو از باب خمس

ہم سے متعلق ہے کہ کیا اس پہ عمارت بنائی جا سکتی ہے اور اس کا خراج دے کر اور مخارج ادا کر کے جو کچھ بچ رہے وہ ہم کو بھجوا دیا جائے تو اس کا جواب یہ ہے کہ کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ دوسرے کے مال میں اس کے بدون اجازت تصرّف کرے۔ جب یہ عام لوگوں کا قانون ہے تو ہمارے مال میں یہ کیونکر جائز ہو سکتا ہے۔ پس جس نے بھی ہماری اجازت کے بغیر ایسا کیا تو اس نے فعلِ حرام کا ارتکاب کیا۔ وَمَنْ اَكَلَ مِنْ اَمْوَالِنَا شَيْئًا فَاِنَّمَا يَاْكُلُ فِىْ بَطْنِهٖ نَارًا وَسَيَصْلٰى سَعِيْرًا۔ جس نے بھی ہمارے اموال (خمس وغیرہ) میں سے کچھ بھی کھایا اس نے اپنے پیٹ میں آگ کو بھرا۔ اور عنقریب وہ جہنم میں جائے گا۔

۳ ابوالحسن اسدی بیان کرتے ہیں کہ محمد بن عثمان عمری کے پاس حضرت کی حسب ذیل توقیع برآمد ہوئی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ عَلٰى مَنِ اسْتَحَلَّ مِنْ اَمْوَالِنَا دِرْهَمًا:۔ اللہ اور تمام فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے اس شخص پر جو ہمارے اموال میں سے ایک درہم کو بھی حلال سمجھے۔ اس روایت کے راوی بیان کرتے ہیں کہ اس توقیع مبارک کو دیکھنے کے بعد میرے دل میں یہ خیال گزرا یہ عقاب اس شخص کے لئے ہے جو ناحیہ مقدسہ کے مال کو اپنے لئے حلال سمجھے وہ شخص اس میں داخل نہیں ہے جو اپنے کو غلطی پر جانتے ہوئے اس میں تصرف کرے۔ اگر یہی امر ہے تو پھر اس معاملہ میں کیا خصوصیت ہے ہر حرام کے حلال سمجھنے والے کے لئے یہی پاداش و عقاب ہے۔

Marfat.com

راوی کہتا ہے بخدا ! اس کے بعد جونہی میری نظر دوبارہ توقیع پر پڑی تو میں نے دیکھا کہ حروف بدل گئے تھے۔ اور اب یہ نئی عبارت مرقوم تھی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ عَلٰی مَنْ اَکَلَ مِنْ مَالِنَا دِرْھَمًا حَرَامًا۔ اللہ اور تمام فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت اُس پر جو ہمارے مال میں سے ایک درہم کھائے۔

مذکورہ بالا توقیعات کے ملاحظہ سے معلوم ہوا ہوگا کہ سادات کا حق دبانا خصوصًا امام زمانہ کا حق واجب (جس کو ہم امام ؑ کہتے ہیں) ادا نہ کرنا کتنا بڑا جُرم ہے۔ افسوس کہ ہماری قوم کے متمول افراد اس اہم فریضہ سے چشم پوشی کرتے ہیں اور جب دُنیا ان کی آنکھوں پر چھائی ہوتی ہے وہ یا تو خمس نکالتے ہی نہیں یا اگر نکالتے بھی ہیں تو غلط جگہ صرف کر دیتے ہیں۔ جو نہ نکالنے سے بھی بدتر ہے۔

ضروری مسائلِ خمس

۱ ؛ خمس ہر اس شخص پر نکالنا فرض ہے جس کا کوئی کاروبار یا نوکری ہو آمدنی میں سے سال کا خرچ نکالنے کے بعد جو کچھ پس انداز ہو اس پر خمس نکلے گا۔

۲ ؛ ایک دفعہ جس چیز پر خمس نکال دیا جائے دوبارہ اس پر خمس واجب نہیں ہوتا۔

۳ ؛ خمس کا تعلق ہر چیز سے ہے۔ لہٰذا اگر ایک چھلہ بھی بلا ضرورت پڑا ہوا ہے تو اس پر بھی خمس ہے۔ اسی طرح سال کے بعد مٹھی بھر اناج بچ رہے تو اس کا بھی خمس نکلے گا۔

Marfat.com

۴۔ اگر ایک شخص کی دو طرح سے آمدنی ہو۔ ایک حرام دوسری حلال دونوں کی مقدار بھی معلوم نہ ہو تو خمس نکالنے سے وہ پاک ہو جائے گی۔

۵۔ خمس سے مراد $\frac{1}{5}$ واں حصّہ ہے جس کے دو حصے کئے جائیں گے۔ ایک حصہ (یعنی $\frac{1}{10}$) نماز گذار سادات کو خود دے سکتے ہیں دوسرا حصّہ مجتہد جامع الشرائط کو پہنچانا چاہیئے۔ یا اس کو دے جس کو مجتہد جامع الشرائط نے اجازت دی ہو۔

نوٹ:۔

شروع کتاب میں آیۃ اللہ سیّد محسن حکیم مدظلہ کے فرمان (جو خمس سے متعلق ہے) کا فوٹو و ترجمہ ملاحظہ فرمائیں:۔

خمس کے تفصیلی مسائل ہمارے تازہ رسالے "خمس" مولفہ علامہ جزائری میں ملاحظہ ہوں۔ (رسالہ زیر طبع ہے)

Marfat.com

باب سوم

در اعمال واوراد

خواص سورہائے قرآنی

بعض سوروں کے خواص امام عصر عجل اللہ تعالیٰ فرجہٗ نے بیان فرمائے ہیں:۔

سورۂ توحید (اخلاص)

سورۂ قل ھو اللہ احد کے متعلق حضرتِ حجت کا ارشاد ہے کہ وہ نماز کسی طرح بہتر نہیں کہی جاسکتی جس میں سورۂ قل ھو اللہ کی تلاوت نہیں کی جاتی۔

سورۂ قدر

سورۂ انا انزلناہ کے متعلق حضرتؑ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے سخت تعجب ہے اس شخص کی غفلت پر جو اپنی نماز میں سورۂ انا انزلناہ کی تلاوت کو ترک کرتا ہے۔ مجھ کو تعجب ہے کہ اس کی نماز قبول بارگاہ احدیت کیسے ہوتی ہے۔

بسند معتبر حضرتِ حجتؑ سے منقول ہے کہ اگر کسی سورہ کا ثواب تم کو پہنچا ہو اور تم اس کو ترک کر کے نماز میں قل ھو اللہ احد اور انا انزلناہ پڑھو تو ان سوروں کا ثواب ملے گا جن کو ان دو سوروں کی خاطر ترک کیا ہے:۔

Marfat.com

سورہ سبحات یعنی حدید وحشر وصف وجمعہ وتغابن

